آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 21 اگست 2020ء بمطابق یکم محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 227

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

فلسطینیوں کو حق ملنے تک پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا، صدر مملکت پاکستان

مقبوضہ وادی میں موت اور خوف کی لہر پھیلانے والے سفاکانہ اقدامات اور بھارتی مظالم کو منظر عام پر لایا جائے اور عالمی ضمیر کو جھنجوڑا جائے، اقوام متحدہ کشمیر کے عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے کیلئے سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد کرائے

بھارت کشمیر میں نسلی تفریق کے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا، عالمی برادری کو افغانستان کی سماجی و معاشی ترقی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، پاکستان قیدیوں کی رہائی کے معاملے پر افغان لویہ جرگے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے

پاکستان سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کے حصول تک ان کی منصفانہ جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، امید ہے فیصلے سے افغان امن عمل کو مزید تقویت ملے گی، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے وزیراعظم عمران خان کے اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کے پالیسی بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جب تک فلسطینیوں کو ان کا حق نہیں مل جاتا اس وقت تک پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا، بھارتی حکومت کشمیر میں مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی کیلئے اسرائیلی پالیسی کی پیروی کررہی ہے، بھارت کشمیر میں نسلی تفریق کے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا، مقبوضہ وادی میں موت اور خوف کی لہر پھیلانے والے سفاکانہ اقدامات اور بھارتی مظالم کو منظر عام پر لایا جائے اور عالمی ضمیر کو جھنجوڑا جائے، اقوام متحدہ کشمیر کے عوام کو ان کا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

ٹیکس کلچر کا فروغ اور ایف بی آر کو بدعنوان عناصر سے پاک کرنا اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

افراد، کمپنیوں اور خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کی کمپنیوں کے لئے ٹیکس فارم کو ترجیحی بنیادوں پر آسان بنایا جائے، ٹیکس بیس میں اضافہ کرنا اور کاروباری برادری کے لئے ہر ممکن سہولت کو یقینی بنانا ہے

سرحدوں کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے موثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وزیراعظم نے چیئرمین ایف بی آر کو ہدایت کی کہ سرحدوں پر واقع تمام کراسنگ پوائنٹس کی موثر نگرانی کے لئے انتظامات یقینی بنائے جائیں

ملک میں ٹیکس کلچر کا فروغ، ٹیکس دہندگان کے لئے آسانیاں پیدا کرنا، کاروباری برادری کے تحفظات کو دور کرنا اور ایف بی آر کو بدعنوان عناصر سے پاک کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ٹیکس کلچر کا فروغ اور ایف بی آر کو بدعنوان عناصر سے پاک کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، افراد، کمپنیوں اور خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کی کمپنیوں کے لئے ٹیکس فارم کو ترجیحی بنیادوں پر آسان بنایا جائے۔ وہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں جاری اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔ اجلاس میں وزیر برائے صنعت محمد حماد اظہر، وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر، مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد، مشیر برائے ادارہ جاتی اصلاحات ڈاکٹر عشرت حسین، معاون خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ چیئرمین ایف بی آر نے وزیراعظم کو ایف بی آر میں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان ایف بی آر کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل بزنجو کراچی میں انتقال کر گئے

تدفین آج آبائی علاقے نال میں کی جائیگی، نیشنل پارٹی کا دس روزہ سوگ کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل بزنجو 63 برس کی عمر میں کراچی میں انتقال کرگئے، تدفین آج آبائی علاقے نال میں کی جائیگی، نیشنل پارٹی کا دس روزہ سوگ کا اعلان، نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی کے مطابق نیشنل

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

میر حاصل بزنجو ایک عظیم باپ کے عظیم بیٹے تھے جن کی جمہوریت کے لئے بڑی قربانیاں تھیں، حافظ حسین احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے نیشنل

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کوہلو میں لیویز فورس کی حساس ادارے کی اطلاع پر کاہان کے علاقے نیلی گوخ میں بڑی کارروائی

کوہلو (خ ن) کوہلو میں لیویز فورس کی حساس ادارے کی اطلاع پر کاہان کے علاقے نیلی گوخ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

حاصل خان بزنجو کی سیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں، سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے صدر اور سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

مرحوم میر حاصل بزنجو کی وفات سے بلوچستان ایک سینئر محرک سیاستدان سے محروم ہوگیا ہے، صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی نے سینیٹر میر حاصل بزنجو کے انتقال پر

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

جولائی 2020 میں پورٹ قاسم نے 8.4 ملین ٹن کارگو سنبھالا، جولائی 2019 سے 08-9 فیصد زیادہ ہے، علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر سندری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ جولائی 2020 میں پورٹ قاسم نے 8.4 ملین ٹن کارگو سنبھالا،

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا پختہ عزم کیساتھ مسئلہ کشمیر اور فلسطین پر موقف کا واضح اظہار، پاکستانی عوام کے احساسات کی صحیح ترجمانی ہے، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

میں سمجھتا تھا گزشتہ سال کی نسبت آرام سے تقریر سن لی جائے گی، صدر مملکت کا اپوزیشن کے شور شرابہ پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے اپنے خطاب سے قبل ہی اپوزیشن شور شرابے پر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

نئے پارلیمانی سال کے آغاز پر صدر مملکت کا پارلیمنٹ سے خطاب، اپوزیشن کا ایوان سے واک آؤٹ

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ اپوزیشن نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت عارف علوی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

وزیراعظم نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ متعارف کرانے کے اقدام کی منظوری دیدی

وطن سے دور رہ کر ملک کی ترقی میں حصہ لینے والے پاکستانیوں اور تارکین وطن کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، عمران خان کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ اور اس کے تحت سمیر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ متعارف کرانے کے اقدام کی منظوری دیدی۔ جمعرات



گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی اقتصادی ترقی اور عوامی بہبود کے عنوان سے کنسٹ پاکستان آف چائنا کے زیر اہتمام سیمینار میں کوئٹے سے شریک ہیں

بزنجو پاکستان میں مظلوم قوموں کے حقوق کے علمبردار تھے، بلوچستان کے حقوق اور جمہوریت کیلئے انکی کوششوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، نواب ذوالفقار علی مگسی

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاستدان سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار مگسی نے نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر حاصل بزنجو پاکستان میں مظلوم قوموں کے حقوق کے علمبردار تھے، بلوچستان کے حقوق اور جمہوریت کیلئے انکی کوششوں کو

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی سے پاکستان کا مستقبل وابستہ ہے، سلیم عامر باجوہ

سی پیک میں بلوچستان کے مزید منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائیگا، بلوچستان میں معاشی و اقتصادی ترقی کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا

سی پیک بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کی بنیاد ہے، اس میں بلوچستان کے مزید منصوبے ترجیحی بنیادوں پر شامل کئے جائیں گے، معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (خ ن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات، چیئرمین سی پیک اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ سی پیک میں بلوچستان کے مزید منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائیگا، بلوچستان کی معاشی و اقتصادی ترقی سے پاکستان کا مستقبل وابستہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرحان زرکون سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران کیا، ملاقات میں بلوچستان میں معاشی و اقتصادی ترقی کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا جبکہ صوبے کی ساحلی پٹی پر فشریز کا ایک انٹیگریٹڈ اکنامک زون قائم

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کے خاندان کو پورا پورا انصاف ملے گا، ڈاکٹر نور محمد

ایک فرد کی کو غلطی کو جواز بنا کر تمام ریاستی اداروں کو بدنام کرنے اور انکے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنا افسوسناک ہے

ریاستی اداروں نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہے جوانوں نے شہادتیں نوش کی ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، دیوانی حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ایک فرد کی کو غلطی کو جواز بنا کر تمام ریاستی اداروں کو بدنام کرنے اور انکے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنا افسوسناک ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے حیات بلوچ کے قتل کے ملزم کو ایف سی نے خود ہی پولیس کے حوالے کیا ہے جس کے خلاف باقاعدہ ایف آئی آر درج ہو چکا ہے حیات بلوچ کے خاندان کے خاندان کو پورا پورا انصاف ملے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حیات بلوچ کے قتل میں جو ایف سی اہلکار ملوث تھا اس سے ایف سی نے پولیس کے حوالے کیا گیا پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ایسے موقع پر چند شرپسند عناصر جواز بنا کر ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کررہے ہیں جن کا مقصد صرف اور صرف انتشار پھیلانا ہے انہوں نے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات صرف حکومتی سطح تک محدود نہیں، فواد چوہدری

زمین ٹرانزمین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، خواتین زمین ٹرانزمین کا احترام ہر مسلمان پر لازم ہے، سعودی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات صرف حکومتی سطح تک محدود نہیں۔ فواد چوہدری سے سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی، ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چاہتا پاکستان اقتصادی راہداری کا شاندار منصوبہ خطے کی اقتصادی ترقی اور خوشحالی کیلئے گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے، گورنر بلوچستان

جان لیوا کورونا وائرس کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال میں دنیا کے تمام ممالک کے معیشت، صحت اور روزگار کے مواقع بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں

اس عظیم منصوبہ کا ایک اہم لنک بلوچستان ہے اور گوادر پی پیک کے تاج پر چمکتا ہوا نگینہ ہے، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ چائنا پاکستان اقتصادی راہداری کا شاندار منصوبہ خطے کی اقتصادی ترقی اور خوشحالی کیلئے گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے، اس عظیم منصوبہ کا ایک اہم لنک بلوچستان ہے اور گوادر پی پیک کے تاج پر چمکتا ہوا نگینہ کے مانند ہے، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ عالمی وبا کورونا وائرس نے پیدا ہونے والی صورتحال میں چائنا کا قائدانہ کردار رہا ہے، اور مالی امداد اور ادویات کی فراہمی کے حوالے سے چین نے خود کو گلوبل لیڈر ثابت

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے خاندان کو پورا پورا انصاف ملے گا، ڈاکٹر نور محمد

ریاستی اداروں نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہے جوانوں نے شہادتیں نوش کی ہے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، دیوانی حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ایک فرد کی کو غلطی کو جواز بنا کر تمام ریاستی اداروں کو بدنام کرنے اور انکے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنا افسوسناک ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے حیات بلوچ کے قتل کے ملزم کو ایف سی نے خود ہی پولیس کے حوالے کیا گیا پولیس نے ملزم کے خلاف باقاعدہ ایف آئی آر درج ہو چکا ہے حیات بلوچ کے خاندان کے خاندان کو پورا پورا انصاف ملے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حیات بلوچ کے قتل میں جو ایف سی اہلکار ملوث تھا اس سے ایف سی نے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی سے پاکستان کا مستقبل وابستہ ہے، سلیم عامر باجوہ

سی پیک میں بلوچستان کے مزید منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائیگا، بلوچستان میں معاشی و اقتصادی ترقی کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا

سی پیک بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کی بنیاد ہے، اس میں بلوچستان کے مزید منصوبے ترجیحی بنیادوں پر شامل کئے جائیں گے، معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (خ ن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات، چیئرمین سی پیک اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ سی پیک میں بلوچستان کے مزید منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائیگا، بلوچستان کی معاشی و اقتصادی ترقی سے پاکستان کا مستقبل وابستہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں

حکومت کسی اور کے کہنے پر بلوچستان کے حالات خراب کررہی ہے، نواب ثنا بلوچ

عمران خان اور جام کمال کے ساتھ بیٹھے لوگوں پر ریاستی اداروں کا ہاتھ ہے حزب اختلاف میں بیٹھے افراد اپنا حقیقت پسندانہ موقف رکھنا چاہتے ہیں

موجودہ حکومت کسی اور کے کہنے پر یہاں کے حالات خراب کررہی ہے اگر سیاسی جماعتیں مضبوط ہوں گی تو یہ فیڈریشن ٹھیک چلے گی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن اسمبلی نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کسی اور کے کہنے پر یہاں کے حالات خراب کررہی ہے عمران خان اور جام کمال کے ساتھ بیٹھے لوگوں پر ریاستی اداروں کا ہاتھ ہے حزب اختلاف میں بیٹھے افراد اپنا حقیقت پسندانہ موقف رکھنا چاہتے ہیں جبکہ ہماری باتوں سے اسٹیبلشمنٹ خوش نہیں ہے عمران اور جام کمال کے ساتھ بیٹھے لوگ جھوٹ بولتے ہیں جنہوں نے جی حضوری کی کتاب پڑھی ہوئی ہے جام کمال فخریہ کہتے ہیں کہ میں چالیس دنوں اب گرد لیس کا ایڈمن ہوں جام حکومت میں آئے دن کوئی وزیر ناراض اور کوئی ساتھ چھوڑ رہا ہے پھر منانے جارہے ہیں یا کسی کو دھمکیوں کے ذریعے روک رہے ہیں صوبائی بجٹ کی تقسیم میں بلوچستان حکومت نے ناانصافی کی ہے اگر اسٹیبلشمنٹ سمجھتی ہے کہ وہ پاکستان میں ان جیسوں کے ذریعے جمہوریت کو بہتر انداز میں پنپنے کا موقع دے رہے ہیں یہ بہت کمزور لوگ ہیں، ہر دن رنگ بدلتے ہیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے عظیم رہنما اور سیاستدان تھے، میر نعمت اللہ خان زہری

بلوچستان کی تاریخ میں بھی ان نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ بلند کیا، ان کی جب انکی سیاسی تحریک، قومی خدمت اور عوامی نمائندگی کو جب اٹھا تھے کہ بلوچستان

خضدار (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی میر نعمت اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کی فرزند قومی سطح کے سیاستدان میر حاصل خان بزنجو کی رحلت کا سن کر بے حد صدمہ پہنچا ہے، ایک قومی رہنما، ملک کے مایہ ناز سیاستدان کا بے وقت دنیا سے رخصت کر جانا ناقابل تلافی نقصان ہے اور ان کی خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے عظیم رہنما، اور سیاستدان تھے، انہوں نے آئین، مقننہ، اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے ہمیشہ جدوجہد جاری

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

جب حکومت آئی تو ہماری ایکسپورٹ گر رہی تھی، تجارتی خسارے کے چیلنج پر قابو پانا بھی اہم مسئلہ تھا، مشیر تجارت

انشاء اللہ ہمارے تجارت اور ایکسپورٹ کے ریکارڈز بہتر ہونگے، جولائی کی طرح آئندہ مہینوں میں بھی برآمدات میں اضافہ ہوگا

ہم نے قانون بنالیا ہے اب ہمارے کچھ رل پراڈکٹس پر کوئی اور اپنا نام استعمال نہیں کرسکے گا، عبدالرزاق داؤد

اسلام آباد (این این آئی) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ جب حکومت آئی تو ہماری ایکسپورٹ گر رہی تھی، تجارتی خسارے کے چیلنج پر قابو پانا بھی اہم مسئلہ تھا، ہم نے قانون بنالیا ہے اب ہمارے کچھ رل پراڈکٹس پر کوئی اور اپنا نام استعمال نہیں کرسکے گا، انشاء اللہ ہمارے تجارت اور ایکسپورٹ کے ریکارڈز بہتر ہونگے، جولائی کی طرح آئندہ مہینوں میں بھی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ جمعرات کو دو سال کارکردگی پر میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

مغاد پرستی اور کرپشن کی سیاست آخری سسکیاں لے رہی ہے، وزیر اطلاعات شبلی فراز

ٹھوس اقدامات سے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، عوام کو ریلیف دینا سب سے اہم ترجیح ہے

عمران خان نئی نسل کے مستقبل کے امین ہیں، اب عوام کی خدمت اور ملک کو آگے لے جانے کی سیاست ہوگی، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ مغاد پرستی اور کرپشن کی سیاست آخری سسکیاں لے رہی ہے، ٹھوس اقدامات سے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، عوام کو ریلیف دینا سب سے اہم ترجیح ہے، عمران خان نئی نسل کے مستقبل کے امین ہیں، اب عوام کی خدمت اور ملک کو آگے لے جانے کی سیاست ہوگی۔ جمعرات کو یہاں حکومت کی 2 سالہ کارکردگی کے حوالے سے وفاقی وزراء کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو ایک دانشمند اور زیرک سیاستدان تھے، سابق صوبائی وزراء پرنس احمد علی بلوچ اور آغا عمر شنگوری

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزراء پرنس احمد علی بلوچ اور آغا عمر شنگوری نے سینئر سیاسی رہنما نیشنل پارٹی کے قائد سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو کی وفات ایک بڑا سانحہ ہے میر حاصل خان بزنجو ایک دانشمند اور زیرک

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو کی رحلت قومی سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے، نواب ثناء اللہ زہری

سیاسی بصیرت کا تحفظ بھرپور انداز میں ادا کرتے ہوئے پوری زندگی بلوچستان کی سیاست کو فروغ دیا، سابق وزیراعلیٰ

خضدار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے سیاسی جانشین و فرزند سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی رحلت کو قومی سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان قرار دیدیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میر حاصل بزنجو کی حیثیت ایک سیاسی رہنماء، قومی رہنماء اور تاریخ ساز شخصیت کی تھی جس نے کئی دھائیوں پر محیط اپنا سیاسی سفر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند سے صوبائی وزیر کوئٹہ میر قہور بلیدی ایڈیشنل چیف سیکرٹری عبدالرحمان بزدار اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

محکمہ خوراک میں کسی قسم کی کرپشن نہیں ہونے دیں گے، عبدالرحمن کھیتران

بلوچستان حکومت نے گندم بحران پر قابو پانے کے لئے پاسکو سے گندم کی خریداری کی ہے

پاسکو سے خریدی گئی گندم بلوچستان کے گوداموں میں پہنچ چکی ہے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خوراک سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے گندم بحران پر قابو پانے کے لئے پاسکو سے گندم کی خریداری کی ہے، پاسکو سے خریدی گئی گندم بلوچستان کے گوداموں میں پہنچ چکی ہے، وزیراعظم پاکستان عمران خان کی ہدایت پر کوئٹہ میں سستے آٹے کے سٹالز قائم کئے گئے ہیں، جب تک بلوچستان میں ہماری حکومت قائم ہے محکمہ خوراک میں کسی قسم کی کرپشن نہیں ہونے دیں گے، ضرورت پڑی تو گندم کے بحران پر قابو پانے کے لئے نجی اور پنجاب اور سے بھی مشاورت کی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے سٹالز کے دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری خوراک نور احمد کاکڑی، ڈی جی فوڈ مظفر ڈیشن و دیگر بھی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

میر حاصل بزنجو کی سیاسی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ پی ایل ایف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان چیئرمین بشیر احمد قاسم خان نور الدین کاکی معروف آزاد عابد بٹ حاجی سیف اللہ ملک وحید کاسی عبدالعزیز شاہوانی منظور احمد عارف مجاری دین محمد محمد حسنی ظفر خان رند فضل محمد عبدالحمید چراغ نے بیان میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بھارتی افواج کی جانب سے ایل او سی کی خلاف ورزی، بھارتی سفارتکار کی دفتر خارجہ طلبی، پاکستان کا شدید احتجاج

بھارت ان حرکتوں سے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے دنیا کی توجہ ہٹا سکتا، بھارت 2003 کے فائر بندی معاہدے کی پاسداری کرے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی افواج کی جانب سے ایل او سی پر جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر پاکستان نے بھارتی ہائی کمیشن کے سینئر سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری کے مطابق بھارت کی جانب سے 19 اگست کو ایل او سی کے سیز فائر سیکٹر میں جنگ بندی کی خلاف ورزی کی گئی، ایل او سی کے سیز فائر سیکٹر میں بھارتی افواج نے بلا اشتعال فائرنگ و گولہ باری کی جس کے نتیجے میں کھوئی گاؤں کی 70 سالہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صوبائی وزیر انجینئر میر قیصر اللہ خان لونگو کو این آئی سی کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر توفیق احمد اور اے کے تفصیل بریفنگ دے رہے ہیں

محکمہ صحت کو 50 لوگوں کی بجائے 5 لوگوں کیلئے پیسے فراہم کی جاتی ہے، اختر لانگو

محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ صحت کو 50 لوگوں کی بجائے 5 لوگوں کیلئے پیسے فراہم کی جاتی ہے جس سے مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ ہوگا

بلوچستان کے ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو نے محکمہ صحت کے حکام کی بروقت ورکنگ پیپرز فراہم نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی اے سی اجلاس کی شیڈول کے ساتھ محکمہ جات کو 15 دن کے اندر ورکنگ پیپرز کی فراہمی کی بھی ہدایت کی جاتی ہے تاکہ ممبران تیاری کے ساتھ اجلاس میں شرکت کرسکیں، صوبے کے ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے، محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ صحت کو 50 لوگوں کی بجائے 5 لوگوں کیلئے پیسے فراہم کی جاتی ہے جس سے مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ ہوگا، محکمہ صحت اور محکمہ خزانہ کے حکام مل بیٹھ کر معاملات طے کرلیں تاکہ عوام کو درپیش مشکلات و مسائل میں کمی ہو، پی اے سی فعال اور بروقت آڈٹ پیرا کو نمٹاری

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبے میں نئے اضلاع سے عوامی مسائل میں خاطرخواہ کمی آئے گی، سلیم کھوسہ

نئے اضلاع اور ایڈمنسٹریٹو یونٹس کے قیام سے صوبہ کے انتظامی مسائل کے حل میں کافی حد تک پیش رفت ممکن ہو سکے گی

صوبے میں نئے اضلاع کے قیام سے عوامی مسائل میں خاطرخواہ کمی آئے گی، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کے وسیع محل وقوع کی بنیاد پر نئے انتظامی اضلاع تحصیل، سب تحصیل کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے اور نئے اضلاع اور ایڈمنسٹریٹو یونٹس کے قیام سے صوبہ کے انتظامی مسائل کے حل میں کافی حد تک پیش رفت ممکن ہو سکے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بورڈ آف ریونیو کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی وزیر کو نئے اضلاع کے قیام سمیت ان کیلئے درکار وسائل اور دیگر امور پر متعلقہ حکام نے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے صوبے میں نئے اضلاع کے قیام اور ان میں سہولیات کی بروقت فراہمی اور فنڈز

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

21 اگست 2020ء

پاکستان کشمیریوں کی سیاسی اخلاقی حمایت جاری رکھے گا

صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ جب تک فلسطینیوں کو ان کا حق نہیں مل جاتا اس وقت تک پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا، بھارتی حکومت کشمیر میں مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی کیلئے اسرائیلی پالیسی کی پیروی کر رہی ہے، بھارت کشمیر میں نسلی تفریق کے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا، مقبوضہ وادی میں موت اور خوف کی لہر پھیلانے والے سفاکانہ اقدامات اور بھارتی مظالم کو منظر عام پر لایا جائے اور عالمی ضمیر کو جھنجھوڑا جائے، اقوام متحدہ کشمیر کے عوام کو ان کا حق خود ارادیت دلانے کیلئے سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد کرائے، پاکستان سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت کے حصول تک ان کی منصفانہ جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے، چین کے ساتھ سی پیک منصوبے سے علاقائی روابط کو بہتر بنانے اور خطے کی تقدیر بدلنے میں مدد ملے گی، عالمی برادری کو افغانستان کی سماجی ومعاشی ترقی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، پاکستان قیدیوں کی رہائی کے معاملے پر افغان لویہ جرگے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے، امید ہے فیصلے سے افغان امن عمل کو مزید تقویت ملے گی، جب یہ حکومت آئی تو قرضوں کا کمر توڑ بوجھ اس کو ورثے میں ملا۔ کرپشن کا بازار گرم تھا اور معیشت بڑی تیزی سے زوال پذیر تھی، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ دو سالوں میں 20 ارب ڈالر سے کم ہو کر 3 ارب ڈالر کی سطح پر آ گیا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 8.5 ارب ڈالر سے بڑھ کے 12.5 ارب ڈالر ہو گئے، زراعت کے شعبے کی بہتری کیلئے 280 ارب روپے کا پیکج دیا گیا، سالوں سے التواء کے شکار دیامر بھاشا ڈیم پر حکومت نے کام کا آغاز کر دیا ہے۔

اور حیات سے حیات چھن گئی

صوبہ بلوچستان کے ضلع تربت کی پولیس کے مطابق طالب علم حیات بلوچ کو مبینہ طور پر قتل کرنے کے الزام میں ایرا ملٹری فورس فرنٹیئر کور کے ایک اہلکار

کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ ایس ایس پی تربت نجیب پندرانی نے پی پی ی کو بتایا کہ جمعرات کو حیات بلوچ کے مبینہ قتل کا واقعہ فرنٹیئر کور کی گاڑی کے سامنے دھماکے کے بعد پیش آیا۔

ایس ایس پی تربت نجیب پندرانی کے مطابق ایف سی کی جانب سے کی جانے والی انکوائری میں پایا گیا ہے کہ اہلکار نے زیادہ شدت کے ساتھ، اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے اور جلد بازی میں ردعمل دیا جو کہ اسے نہیں کرنا چاہیے تھا۔ انھوں نے بتایا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق جس جگہ دھماکہ ہوا اس کے قریب ہی باپیچے میں حیات بلوچ کام کر رہے تھے اور شاید اس وجہ سے اہلکار نے یہ سمجھا کہ حیات بلوچ اس دھماکے کا ذمہ دار ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 'حیات بلوچ کے والد کے بیان پر من وعن مقدمہ درج کر کے ہر صورت انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ جس میں فرنٹیئر کور کا تعاون ہمیں حاصل ہے۔'

اہل خانہ کا موقف۔ حیات بلوچ کے بھائی مراد محمد نے پی پی ی سے بات کرتے ہوئے واقعے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ان کے والد مجبور کے ٹھیکیدار ہیں اور حیات بلوچ کو چونکہ یونیورسٹی سے چھٹیاں تھیں اس لیے وہ اپنے والد کا ہاتھ بٹا رہے تھے۔ جمعرات کو تقریباً 11، ساڑھے 11 بجے کے قریب جس باپیچے میں حیات کام کر رہا تھا اس کے قریب سڑک پر سے فرنٹیئر کور کی گاڑی گزر رہی تھی جب اچانک دھماکہ ہوا۔ انھوں نے بتایا کہ دھماکے کے بعد فرنٹیئر کور کے اہلکار باپیچے میں گھس آئے۔

اور حیات پر تھپڑوں کی بوچھاڑ کر دی۔ حیات کی ماں کا کہنا ہے کہ جب سیکورٹی فورسز پر دھماکہ ہوا تو ہم اپنے کھیت میں کھجور کے درختوں کی صفائی میں مصروف تھے جب دھماکے کی آواز سنائی دی تو حیات جان نے کہا اللہ خیر کرے آس پاس لوگ بھاگ رہے تھے تو میں نے کہا بیٹا چلو چلتے ہیں تو حیات جان نے کہا امہ کام پورا کر کے چلتے ہیں ہم اپنی باتوں میں مصروف تھے تو فورسز کھیت کے اندر پہنچ گئے بڑے غصے میں تھے گالیاں دینا شروع کی اور حیات جان کو مارنے لگے میں نے فورسز سے بہت فریادیں کی لیکن ایک نہتی حیات بار بار ایک سوال دہراتا رہا کہ آخر میرا گناہ کیا ہے کہ جو مجھے اس طرح مار رہے ہو میری آنکھوں کے سامنے میرے بیٹے کا وحشیانہ تشدد ہوا لیکن میں کچھ نہیں کر سکا اور روڈ پر لے جا کر افسروں کے سامنے قتل کر دیا گیا

صوبہ بلوچستان کے ضلع تربت کی پولیس کے مطابق طالب علم حیات بلوچ کو مبینہ طور پر قتل کرنے کے الزام میں ایرا ملٹری فورس فرنٹیئر کور کے ایک اہلکار کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ ایس ایس پی تربت نجیب پندرانی نے پی پی ی کو بتایا کہ جمعرات کو حیات بلوچ کے مبینہ قتل کا واقعہ فرنٹیئر کور کی گاڑی کے سامنے دھماکے کے بعد پیش آیا۔

ایس ایس پی تربت نجیب پندرانی کے مطابق ایف سی کی جانب سے کی جانے والی انکوائری میں پایا گیا ہے کہ اہلکار نے زیادہ شدت کے ساتھ، اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے اور جلد بازی میں ردعمل دیا جو کہ اسے نہیں کرنا چاہیے تھا۔' انھوں نے بتایا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق جس جگہ دھماکہ ہوا اس کے قریب ہی باپیچے میں حیات بلوچ کام کر رہے تھے اور شاید اس وجہ سے اہلکار نے یہ سمجھا کہ حیات بلوچ اس دھماکے کا ذمہ دار ہیں۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ واقعے کی اطلاع جب پولیس کو موصول ہوئی تو اس کی تفصیلات سے ایف سی کے حکام کو آگاہ کیا گیا اور انھوں نے اپنی انکوائری کے بعد واقعے میں ملوث اہلکار کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ ایس ایس پی تربت نجیب پندرانی کا کہنا تھا کہ حیات بلوچ کے والد کے بیان پر مقدمہ درج کیا جائے گا۔

پولیس کے مطابق حیات بلوچ کے والد واقعے کے عینی شاہد ہیں اور ان سے جمعرات کی دوپہر کو بیان لینے کی کوشش کی گئی تھی مگر وہ اس وقت اس حالت میں نہیں تھے کہ بیان دے سکیں۔ 'جس پر ہم نے حیات بلوچ کے لواحقین سے گزارش کی ہے کہ اس کے والد جس وقت بھی مناسب سمجھیں واقعے کے متعلق پولیس کو بیان دے دیں۔ انھوں نے کہا کہ 'حیات بلوچ کے والد کے بیان پر من وعن مقدمہ درج کر کے ہر صورت انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ جس میں فرنٹیئر کور کا تعاون ہمیں حاصل ہے۔'

پولیس کے مطابق حیات بلوچ کے والد واقعے کے عینی شاہد ہیں اور ان سے جمعرات کی دوپہر کو بیان لینے کی کوشش کی گئی تھی۔

بلوچستان کے علاقے تربت میں مبینہ طور پر ایف سی کے اہلکاروں نے حیات بلوچ نامی ایک نوجوان کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا تھا۔ اس واقعے پر مختلف حلقوں کی جانب احتجاج بھی کیا گیا۔ یہ بلوچ بھی بڑے عجیب لوگ ہیں۔ ان کے بیٹے جاگتے بیٹے خاموش کر کے واپس بھیج دیے جاتے ہیں یا یوں کہیے صاحب کبھی واپس ہی نہیں آتے۔ غریب ماں باپ اپنے ہونہار بیٹے نہ جانے کتنے ارمانوں کے ساتھ خون پسینے کی کمائی سے پالتے ہیں، اپنی بوڑھی آنکھوں میں نہ جانے کتنے خواب سجا لیتے ہیں، حالانکہ آج کل کے رواج کے مطابق بلوچوں کو تو بیٹے پیدا کرتے ہی یہ خواب دیکھنا چاہیے کہ کہیں وہ لاپتہ'' نہ ہو جائے اور اگر کبھی واپس آئے تو اس کا سینہ کہیں چھلنی اور جسم تار تار نہ ہو۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ کبھی اپنے والدین کے ہمراہ فصلوں کا رخ کرے تو اسے ان ہی کے سامنے ماورائے عدالت قتل کر دیا جائے۔ کبھی برمش، کبھی حیات، کبھی سا رنگ جویہ، یہ بلوچستان والے انصاف مانگ مانگ کر تھکتے نہیں؟ حالانکہ اب تو ٭فوری اور سستا' انصاف بھی ملنے لگا ہے۔ یعنی جو آواز اٹھتی ہے، ہمیشہ کے لیے چپ کروا دی' جاتی ہے۔ اگر صورتحال یہ ہوگی تو دیگر بلوچ بہنیں بھی سڑکوں پر یہ کہتی نہ پھریں ٭٭ ہم جب باہر نکلتی ہیں تو لوگ ہمیں گھورتے ہیں، ہم ایسے ہی گھروں سے نہیں آتے، ہم اپنے بھائیوں کے حق میں آواز اٹھانے نکلے ہیں''۔ انہیں تو سوچ لینا چاہیے کہ ان کی قسمت میں یہ سب لکھ دیا گیا ہے اور اس پر صبر کر لینا چاہیے۔

حیات بلوچ کی ماں کے آسمان کی جانب اٹھے ہوئے ہاتھوں نے مجھ جیسے بہت سے لوگوں کے دل ہلا دیے ہیں، وہ لوگ جو خون آلود تصاویر شیئر نہیں کرتے، وہ بھی مجبوراً کہہ اٹھے ہیں کہ اے ایوانوں میں بیٹھے وقت کے حکمرانوں! ڈرو اس وقت سے، جب تمہیں اس ماں کی آہ لگے گی۔ سوال تو یہ ہے کیا اس ماں کی آہ صرف حکومت کو لگے گی یا مملکت خداداد میں موجود ہر اس شخص کو لگے گی، جو ظلم ہوتا دیکھ تو رہا ہے لیکن خاموش ہے۔ آئی جی ایف سی کی مقتول حیات بلوچ کے گھر آمد، لواحقین کا اب تک کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی ایف سی میجر جنرل سرفراز علی نے گزشتہ دنوں جاں بحق ہونے والے طالبعلم حیات بلوچ کے لواحقین سے ان کے گھر پر ملاقات کی اور تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم حیات بلوچ کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

عرب، اسرائیل شطرنج: ایک اور پسپائی

ہے۔ عربوں نے بشمول سعودی عرب و امارات، مسئلہ کشمیر پر پاکستان کا ساتھ دینے کی بجائے مسلم دشمن، اسلام دشمن بی جے پی مودی کا

مصطفیٰ کمال پاشا

ساتھ دینا ہی کافی نہیں سمجھا بلکہ اسے سرکاری اعزازات سے نوازنے اور بت پرستی کے مراکز تعمیر کر کے دینے میں عافیت سمجھی ہے۔ امارات میں سرکاری طور پر بت خانے کا افتتاح بھی کر دیا گیا ہے۔ اب تو متحدہ عرب امارات نے اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات کا باقاعدہ اعلان بھی کر دیا ہے گویا ایک اور مسلم ملک غاصب کے سامنے سرنگوں ہو گیا ہے۔ امریکی سرپرستی میں اسرائیل گریٹر بنتا چلا جا رہا ہے؛ امریکی صیہونی؛ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے یہودی داماد نے جو امریکی حکومت کے نمائندہ برائے مشرق وسطیٰ تعینات کئے گئے ہیں واضح طور پر کہا ہے کہ ایک اور عرب ملک بہت جلد اسرائیل کو تسلیم کر لے گا۔ اس حوالے سے سعودی عرب اور بحرین کا نام لیا جا رہا ہے باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ سعودی عرب پہلے اور پھر بحرین اسرائیل کو تسلیم کرے گا گویا اب وہ نہیں تیزی سے گرنا شروع ہو جائیں گی۔ عالم عرب، اسرائیل کے سامنے سرنگوں ہوتے جا رہا ہے۔

ہمارے ہاں بھی اس بارے باتیں ایک بار پھر ہونا شروع ہو گئی ہیں کہ ہمارا، اسرائیل کے ساتھ کیا جھگڑا ہے عرب اسے تسلیم کرنے لگے ہیں تو ہمیں بھی اسے تسلیم کر لینا چاہئے۔ یہ بحث اب زور شور سے جاری ہے اخبارات میں کالم بھی آنا شروع ہو گئے ہیں سوشل میڈیا میں یہ ٹاپ ٹرینڈ کی طرف جا رہا ہے ہماری نئی نسل کو تو پتہ ہی نہیں ہے کہ اسرائیل کے ساتھ ہمارا جھگڑا کیا ہے بیت المقدس کیا ہے، مسجد اقصیٰ کی ہمارے دین وایمان میں کیا حیثیت ہے۔ یروشلم کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ہمیں اسرائیل کے ساتھ تعلقات کیوں نہیں رکھنے ہیں، اسرائیل کے ساتھ ہمارا جھگڑا، فلسطینیوں یا عربوں کی وجہ سے نہیں ہے؟ ویسے تو ہماری نوجوان نسل کو تو شاید یہ بھی پتہ نہ ہو کہ مسئلہ کشمیر کیا ہے، ہمارا ہندوستان کے ساتھ کیا جھگڑا ہے؟ ہم نے ایٹم بم کیوں بنایا ہے؟ ہماری مسلح افواج کی نہ صرف پاکستان کے لئے بلکہ عالم عرب اور عالم اسلام کے لئے کیا اہمیت ہے؟ ایٹمی پاکستان کتنا اہم ہے؟ ہم اور ہماری نوجوان نسل تو مغربی اور ہندی تہذیب و تمدن کا شکار ہو گئی ہے۔

پاکستان کی نظریاتی اساس کہیں گم ہو گئی ہے۔ ریاست پاکستان کی نظریاتی وفکری بنیادوں کے بارے میں ہمیں شاید بہت زیادہ فکر نہیں ہے بلکہ ہم تو جدید دنیا کے رسوم ورواج اپنانے میں مگن ہیں مغربی وہندی تہذیب وتمدن کی چمک کا شکار ہیں۔ ایسے میں اسرائیل کو تسلیم کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں ہمیں نہ تو زیادہ فکر ہے اور نہ ہی اس مسئلے کی فکری، نظری اور عملی اہمیت بارے کچھ پتا ہے، جبکہ ہمارے دشمن، صیہونی، یہودی، عیسائی اور ہندو مل جل کر بڑی تندہی کے ساتھ ہماری فکری ونظری جڑیں کھودنے کے ساتھ ساتھ ہمیں بے بس کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ قوم کو اس حوالے سے باشعور بنانے کی شعوری کاوشیں کی جائیں۔ بنگالی بنیادوں پر فکری اور نظریاتی محاذ پر منظم کام کیا جائے۔ ہمارے دشمن ہمیں کمزور کرنے کے لئے جو کچھ کر رہے ہیں اس کا فوری تدارک کرنا ضروری ہے۔ وگرنہ کہیں بہت زیادہ دیر نہ ہو جائے۔

ذرا جرآت کے ساتھ

میر اسلم رند

چیف جسٹس بلوچستان اس ظلم زیادتی کو روکے مجبور کمزور عوام پر طاقتور مافیا نے فتح حاصل کر لیا سننے میں آیا ہے گزشتہ روز محکمہ انڈسٹریز نے بنا کمیٹی کے مشاورت سے دودھ کے نرخ بڑھا دیئے آج سے ایک مہینہ پہلے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے سیکرٹری فوڈ، سیکرٹری انڈسٹریز۔ ولائیو اسٹاک کو ایک خط لکھا کہ آپ اپنے ایکسپرٹ اور ہمارے کمیٹی ممبران کے مشاورت کے بعد دودھ کا ایک مناسب ریٹ مقرر کریں جس میں عوام پر بھی بوجھ نہ پڑیں اور دودھ۔ گوشت۔ روٹی کا کاروبار کرنے والے بھی مناسب فائدے کے تحت کاروبار کر سکے کیونکہ ان نے ڈپٹی کمشنر صاحب پر سابق سیکرٹری لائیوں کے ذریعے کافی دباؤ ڈالا تھا اس کے باوجود ڈپٹی کمشنر صاحب ان کے دباؤ میں نہیں آئے اس سے پہلے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ان تینوں اشیاء کے سروے کے لئے اڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی ایک سب کمیٹی تشکیل دی تھی اس کمیٹی میں اڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے علاوہ دو مجسٹریٹ۔ لائیو اسٹاک کا ڈپٹی ڈائریکٹر، فوڈ اتھارٹی کا ڈپٹی ڈائریکٹر۔ انجمن تاجران کے نمائندے۔ سول سوسائٹی کا نمائندے کی حیثیت سے میں اور کنزومر سوسائٹی کا چیرمین بھی شامل تھا اس کمیٹی نے جب دودھ کا سروے شروع کیا تو سب سے پہلے ہم سرکاری ڈیری فارم پر گئے جہاں خالص گائے کا دودھ 80 روپے کلو فروخت ہوتا ہے اس میں انکم ٹیکس اور سرکاری دفاتر کے لاوازمات بھی شامل ہے اس کے بعد ہم نے مغربی بائی پاس پر پرائیویٹ ڈیریوں کا سروے کیا جس میں دودھ کی پیداوار اور اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا تمام نمائندے کی مشاورت سے ایک رپورٹ بنائی گئی جس میں یہ فائنل ہوا کہ ان ڈیری والوں کو گائے اور بھینس کا دودھ 63 روپے میں پڑتا ہے اگر ان کو 30 فیصد فائدہ دیا جائے تو 81 روپے میں بیچنا پڑے گا اور دوکاندار اسے عوام پر 90 روپے کا فروخت کریں گے حالانکہ 30 فیصد بھی بہت زیادہ ہے دودھ والوں نے اس ریٹ کو قبول کرنے سے انکار کیا اور ساتھ ہی کمیٹی ممبران کو مختلف قسم کے لالچ دیا گیا کیونکہ یہ حضرات گزشتہ کئی سالوں سے بیک ڈور چینل استعمال کر رہے ہیں اب جب ناکام ہوئے تو دوسرا چینل استعمال کیا ان کی پوری کوشش تھی کہ یہ رپورٹ ڈپٹی کمشنر کو پیش نہ کیا جائے جیسے کہ آپ کو پتہ ہے ہمارے معاشرے کی کیا حالت ہے ہر شخص عوام کے گردن پر چری چلانے کے در پہ ہے اب ستم ظریفی دیکھیں جو محکمہ لائیوں اسٹاک خود 80 روپے کا دودھ بیچتا ہے اسی نے ڈیری والوں کو ایک لیٹر دیا ہے کہ ان کو 120 روپے میں دودھ بیچنے کی اجازت دی جائے اسی لیٹر کو جواز بنا کر محکمہ انڈسٹریز نے ڈیری فارم والوں کو 105 روپے کا ریٹ دیا ہے اور دوکاندار کو 110 یا 120 روپے کا بیچنے کا ریٹ دیا ہے جو عوام کے ساتھ سراسر زیادتی ہے ظلم ہے میری وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ، چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تمام سول سوسائٹی۔۔ کوئٹہ کے عوام سے گزارش ہے اس ناانصافی ظلم اور زیادتی کے خلاف آواز بلند کرے یا دودھ سے بائیکاٹ کریں صرف اپنے بچوں کے لئے دودھ خریدے وہ بھی اگر ضروری ہو ورنہ یہ ظالم اسی طرح آگے بھی اپنی بدمعاشیاں جاری رکھے گے ہمارے حکمران تو بے حس ہو گئے ہیں ان سے اس بارے میں کوئی توقع نہیں انہوں نے اپنا فائدہ دیکھنا ہے اس بارے میں روزنامہ جنگ کے سینئر صحافی نسیم حمید اور میں نے بلوچستان ہائی کورٹ میں کیس فائل کیا ہے 4 دن کے بعد اس کی بھی پیشی ہے دیکھتے ہیں عدالت عالیہ کیا فیصلہ دیتی ہے اس دن چیف جسٹس صاحب نے بھی اپنے ریمارکس میں کہا تھا عوام کو ایوانس دو ایسے گران فروشوں کے خلاف بائیکاٹ کرے۔

پاکستان میں انتخابات (حصہ 1)

ذوالفقار علی بدر

کچھ دن پہلے ہی میں نے سابق وزیر اعظم پاکستان، جناب شاہد خاقان عباسی کا بیان ٹی وی پر سنا تھا کہ پاکستان میں تمام انتخابات دھاندلی والے تھے۔

مختلف لوگوں کے ذہن میں بہت سارے سوالات موجود ہیں کہ جناب عباسی کے ذہن میں ایسا جرا تحمدانہ بیان دینے کے لئے کیا آیا اور اس بیان کی کیا وجوہات ہیں۔ جس دن وہ وزیر اعظم بنے وہ سیدھے سادے، اور دلیرانہ شخص کی حیثیت سے پیش آ رہے ہیں، یہاں تک کہ وہ اپنے نیب کے معاملات میں بھی کسی طرح کی پریشانی کا مظاہرہ نہیں کر رہے۔ بہتر ہو کہ ان کی طرف سے پاکستان میں انتخابات کے معاملے پر بیان کی مزید وضاحت کی جائے۔ مجھے 1988 سے پاکستان میں ہونے والے تمام انتخابات یاد ہیں اس وقت میں بچہ تھا لیکن مجھے یہ انتخاب یاد ہے کیوں کہ میرے پیارے والد ڈاکٹر جہانگیر بدر پرانے شیرلاہور سے الیکشن لڑ رہے تھے اور میں نے انتخابی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اس کے بعد والے انتخابات میں بھی۔ ایک بار انہوں نے صوبائی اسمبلی کے امیدوار کی حیثیت سے بھی لاہور سے بطور امیدوار انتخابات حصہ لیا۔

مجھے پاکستان میں انتخابات کی تاریخ سے گزرنا یاد ہے۔ 1985 میں غیر جماعتی انتخابات ہوئے جس کا اعلان مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ڈکٹیٹر ضیاء الحق نے کیا تھا اور مجھے شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے یہ کہتے ہوئے یاد کیا کہ الیکشن میں حصہ نہ لینا غلطی تھی اگرچہ یہ غیر جماعتی بنیادوں پر تھے لیکن پھر بھی انتخاب میں حصہ لینے کے لئے کچھ طریقہ کار اختیار کیا جا سکتا تھا۔ 1985 کے انتخابات نے بہت سارے نئے آنے والوں کو جنم دیا، جو آمر کے انتخاب کے ذریعہ منتخب ہوئے تھے۔ ایلیٹ کلاس اور جاگیردار خاندانوں سے تعلق رکھنے والے بہت سے لوگ پارلیمنٹ کا حصہ بنے اور ان میں سے بیشتر اب تک اقتدار کے ثمرات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ کونسی پارٹی اقتدار میں آتی ہے یا کس کا اقتدار ہے یا تو جمہوریت ہو یا ڈکٹیٹر شپ، ان سب کو حکمران حکومت کا حصہ بننے کے لئے جتایا گیا۔ ان انتخابات نے ہمیں ایک قوم کی حیثیت سے تباہی کے کنارے پہنچا دیا، جہاں قانون کی حکمرانی نہیں تھی اور حکومت کے وسائل سے بہت سے لوگوں اور کنبوں کو فائدہ پہنچا۔ مسٹر محمد خان جونیجو جو ضیاء کی آمریت کے دور میں پاکستان کے وزیر اعظم تھے، مئی 1988 میں انہیں باہر نکال دیا گیا۔ ضیاء نے حکومت کی برطرفی کے بعد نئے انتخابات کا اعلان کیا تھا۔ اس کا فائدہ بہت ساری آنے والی حکومتوں کو موروثی طور پر ملا اور کچھ کے لئے یہ ابھی بھی جاری ہے۔ سن 1985 سے حکومت کے وسائل کو بروئے کار لا کر بہت سے خاندان دولت مند ہو گئے۔

1988 کے انتخابات پاکستان پیپلز پارٹی نے جیت لئے تھے لیکن ایک سادہ اکثریت سے کیونکہ اسٹیبلشمنٹ نے محترمہ بینظیر بھٹو کو پاکستان کی پہلی مسلمان خاتون وزیر اعظم بننے سے روکنے کے لئے پوری کوشش کی لیکن یہ عوامی دباؤ اور عوامی حمایت کی وجہ سے ہوا۔ اس وقت پاکستان میں پی پی پی کو پنجاب میں بھی سادہ اکثریت حاصل تھی اور بہت سے آزاد امیدوار پنجاب میں پیپلز پارٹی کی حمایت اور اس میں شامل ہونے کے لئے تیار تھے لیکن بدقسمتی کہ چھانگا مانگا کا عمل ایسا ہوا جس نے سیاست کی پوری ثقافت کو تبدیل کر دیا اور سیاسی کیڈر اور صوبائی اسمبلی کے ممبروں کو مفاد کا حامل کر دیا۔ ان کو نقد رقم کی شکل میں اور بہت سارے دیگر فوائد میں ناجائز حصہ ملا۔ فیصلہ سازوں اور پیپلز پارٹی کی قیادت کے مابین ایک عمر کا فرق اور اعتماد کی کمی تھی جس کو کسی تبدیلی سے کور نہیں کیا جا سکتا۔ پیپلز پارٹی کی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد کے ووٹ کا حربہ اختیار کیا گیا اور چھانگا مانگا کی اسی حکمت عملی کی کوشش کی گئی لیکن اس سے نتیجہ برآمد نہیں ہوا اور اس تحریک کو مسترد کر دیا گیا۔ دوسری کوشش میں حکومت کو غلام اسحاق خان نے 58(2)(بی) کی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے برخاست کر دیا۔ یہ وہ انتخابات تھے جہاں میں نے دیکھا کہ پیپلز پارٹی اور دیگر جماعتوں کے کارکنان نے مقامی سطح پر اپنے دفتر کھولنے کے لئے امیدواروں سے کبھی کسی نقد رقم یا حق کا مطالبہ نہیں کیا۔ حقیقت میں کارکن اور مددگار وہ تھے جنہوں نے امیدواروں کی حمایت کے لئے رقم خرچ کی تھی۔ یہ وہ الیکشن تھا جس سے نچلے اور متوسط طبقے کے بہت سے لوگوں کو انتخاب لڑنے کا موقع ملا اور بہت سے لوگ پارلیمنٹ کے ممبر بن گئے اور بہت ہی کم لوگ اس الیکشن کے بعد منتخب ہوئے۔ اگست 1990 کے مہینے میں حکومت کو برخاست کر دیا گیا تھا اور 90 دن کے بعد تازہ انتخابات کا اعلان کیا گیا تھا۔

1990 کے انتخابات کے نتیجے میں پاکستان کے وزیر اعظم کے طور پر جناب نواز شریف کا ظہور تھا۔ یہ الیکشن پیپلز پارٹی اور نو جماعتوں کے اتحاد اسلامی جمہوری اتحاد (IJI) کے تصادم کے مابین ایک سخت انتخابات تھے۔ میرے والد نے اسی حلقے سے الیکشن لڑا تھا اور پچھلے انتخابات کے مقابلے میں زیادہ ووٹ حاصل کیے تھے لیکن انتخابات ہائی جیک ہوئے تھے اور یہ صرف پی ٹی وی کا وقت تھا جہاں انتخابی نتائج کا اعلان کیا گیا تھا اور اس پر کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں تھا۔ یہ فیصلہ سازوں کی فتح تھی، انہوں نے پیپلز پارٹی کی حکومت کو اقتدار سے باہر پھینک دیا اور ضیا کے نظریہ اور میراث کے پیروکار ہونے کے ناتے پی پی پی کی قیادت کے خلاف نفرت کی وجہ سے، پی پی پی کی حکومت کو اقتدار سے باہر پھینکا گیا اور اقتدار میں نیا گھوڑا لایا گیا۔

میں نے ذاتی طور پر اپنے والد کی انتخابی مہم میں حصہ لیا تھا لیکن اس کا وقت اس سے تھوڑا مختلف تھا کہ تمام سرکاری فوجیں اور ایجنسیاں ہمارے حامیوں کو وفاداری تبدیل کرنے کے لیے دباؤ ڈال رہی تھیں جو کمزور تھے یا ان کا حکومت سے کوئی کاروباری تعلق تھا۔ ان کے پاس حکومت کے غیر سرکاری امیدوار کی حمایت کرنے کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں تھا۔ یہ آخری انتخابات تھے جہاں میں نے دیکھا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنان اپنے امیدوار کی حمایت کرتے ہیں اور مقامی سطح پر اپنے دفاتر کھولتے ہیں۔ غیر سرکاری امیدوار نے پاکستان کے کارکنوں اور سیاسی کلچر کو ایک ناقابل تلافی نقصان پہنچایا تھا کہ اس کے بعد نچلے طبقے یا متوسط طبقے کا کوئی شخص ہاتھ میں کچھ اضافی رقم کے بغیر الیکشن لڑنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ یہ ان لوگوں کے لئے اختتام تھا جو امیر نہیں تھے کہ کبھی الیکشن لڑنے کا سوچیں۔ انتخابات کا سارا نظام آنے والی حکومتی قیادت نے خصوصاً شیرلاہور میں سنبھالا ہوا تھا۔ یہ حکومت ان کی مدت ملازمت کو مکمل نہیں کر سکی کیونکہ فیصلے کرنے والوں کے ساتھ صدر پاکستان جناب غلام اسحاق خان مرحوم کی سربراہی میں غلط فہمی تھی۔ حکومت کی بحالی کے لئے عدالت عظمیٰ کے فیصلے سے کچھ امید پیدا ہو گئی لیکن نظام درہم برہم ہو گیا اور صدر اور وزیر اعظم کے مابین تنازعہ نے حکومت کو متاثر کیا اور اس کے نتیجے میں ان دونوں نے استعفیٰ دے دیا اور اس کے بعد عبدالوحید کاکڑ بھی مداخلت کر کے گھر واپس چلے گئے۔ اصغر خان کیس میں سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ خود وضاحتی ہے اور اب تک اس پر عمل درآمد نہیں ہو سکا ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE



نواز شریف ن لیگ کے قائد ہیں ان کا پارٹی میں کردار ہے۔ رانا ثناء اللہ

پلٹ تر ادھیان کدھر ہے

سبق اٹ ملک

چین بھارت سرحدی تصادم کے بعد تہران بیجنگ تزویراتی معاہدے کی روشنی میں اس خبر کو نمایاں اہمیت ملی اور یہ تاثر لیا گیا کہ بھارت چاہ بہار بندرگاہ منصوبے سے باہر ہو گیا ہے۔ تاہم ہندوستان کے مشہور حکومت نواز اخبار ''دی ہندو'' میں ریل منصوبے سے باہر کیے جانے کی خبر شائع ہونے کے دوسرے دن ایران کی خبر ایجنسی مہر نے خبر دی کہ ایران کے راستے افغانستان کی تیسری ٹرانزٹ کنسائنمنٹ چاہ بہار بندرگاہ سے بھارت کی مندرہ اور جواہر لال نہرو پورٹس کیلئے روانہ کر دی گئی ہے۔ مہر نیوز ایجنسی کی خبر سے یہ واضح ہو گیا کہ اب تک چاہ بہار بندرگاہ سے بھارت مکمل باہر نہیں ہوا۔ بھارت نے 2014ء میں چاہ بہار پر کام شروع کیا اور بندرگاہ کی تعمیر کیلئے 8 کروڑ 50 لاکھ ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی۔ دسمبر 2018ء میں بھارت نے چاہ بہار بندرگاہ کا انتظام سنبھالا۔ انڈیا پورٹس گلوبل لمیٹڈ کو 18 ماہ کی لیز ملی تھی جو بعد میں 10 سال کر دی گئی۔ ریل منصوبے سے باہر کیے جانے کے بعد اب تک بندرگاہ کے کنٹرول میں تبدیلی یا اس لیز سے متعلق کوئی نئی خبر نہیں آئی۔

چاہ بہار بندرگاہ بھارت کیلئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، پاکستان کے ساتھ تعلقات کی خرابی کی وجہ سے بھارت کو افغانستان اور وسطی ایشیا تک رسائی میں مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ وسطی ایشیا کے ساتھ تجارت بھارت کیلئے اہم ہے اور چاہ بہار بندرگاہ کے کنٹرول کے ساتھ بھارت کو افغانستان تک براہ راست رسائی مل رہی ہے۔ چاہ بہار بندرگاہ کو افغانستان سے منسلک کرنے کیلئے کئی روڈ اور ریل منصوبے ہیں، جن میں زرنج دیلارم روڈ جسے روٹ 606 کا نام بھی دیا گیا ہے، وہ بھارت نے بنوائی۔ یہ سڑک قندھار ہرات شاہراہ سے جا ملتی ہے اور وسطی ایشیا تک رسائی کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ خلیج عمان میں ہونے کی وجہ سے چاہ بہار کی تزویراتی اہمیت بھی ہے۔ یہ بندرگاہ آبنائے ہرمز کے دہانے پر ہے اور گوادر سے صرف 100 میل کی دوری پر ہے۔ آبنائے ہرمز تیل کی سب سے بڑی گزرگاہ ہے لیکن ایران سعودی عرب کشیدگی کے دوران بھارت نے چاہ بہار کے کنٹرول کی بنیاد پر آبنائے ہرمز میں

شال بقیہ 1

حق خودارادیت دلانے کیلئے سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد کرائے، پاکستان سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کے حصول تک ان کی منصفانہ جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعلقات کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے، چین کے ساتھ بھی پیک منصوبے سے ملاقاتی روابط کو بہتر بنانے اور خطے کی تقدیر بدلنے میں مدد ملے گی، عالمی برادری کو افغانستان کی سماجی و معاشی ترقی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے، پاکستان قیدیوں کی رہائی کے معاملے پر افغان لویہ جرگے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتا ہے، امید ہے فیصلے سے افغان امن عمل کو مزید تقویت ملے گی، جب یہ حکومت آئی تو قرضوں کا کمر توڑ بوجھ اس کو ورثے میں ملا۔ کرپشن کا بازار گرم تھا اور معیشت بڑی تیزی سے زوال پذیر تھی، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ دو سالوں میں 20 ارب ڈالر سے کم ہو کر 3 ارب ڈالر کی سطح پر آ گیا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 5.8 ارب ڈالر سے بڑھ کے 5.12 ارب ڈالر ہو گئے، زراعت کے شعبے کی بہتری کیلئے 280 ارب روپے کا پیکج دیا گیا، سالوں سے التواء کے شکار دیامر بھاشا ڈیم پر حکومت نے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ دیامر بھاشا ڈیم کی تکمیل سے 4500 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی اور 16500 افراد کو روزگار میسر ہوگا، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع کی فراہمی کیلئے کامیاب جوان پروگرام کے تحت قرضوں کی حد 50 لاکھ سے بڑھا کر 5.2 کروڑ روپے کر دی، اسکیم سے لاکھوں نوجوانوں کو فائدہ ہوگا، یہ ایک قابل ستائش امر ہے کہ ریاست مدینہ کے وژن کے مطابق عوام کی بہتری اور فلاح کے عظیم حکومتی منصوبے احساس پروگرام کے ذریعے ایک کروڑ انہتر لاکھ مستحق خاندانوں میں 200 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کی جس سے تقریباً 9 سے 10 کروڑ لوگ مستفید ہوئے۔

شال بقیہ 2

جاری اصلاحات اور اب تک ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ ان اصلاحات کا مقصد ادارے میں شفافیت کو یقینی بنانا، ٹیکس کے نظام کو آسان بنانا، آٹومیشن متعارف کرانا، ٹیکس بیس میں اضافہ کرنا اور کاروباری برادری کے لئے ہر ممکن سہولت کو یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ٹیکس کلچر کا فروغ، ٹیکس دہندگان کے لئے آسانیاں پیدا کرنا، کاروباری برادری کے تحفظات کو دور کرنا اور ایف بی آر کو بدعنوان عناصر سے پاک کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کے تعین، وصولی اور ریفنڈز کے نظام میں آٹومیشن پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اس ضمن میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ افراد، کمپنیوں اور خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کی کمپنیوں کے لئے ٹیکس فارم کو ترجیحی بنیادوں پر آسان بنایا جائے۔ ایف بی آر کے مختلف شعبوں میں جاری اصلاحات کے حوالے سے وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اہداف کے تعین کے ساتھ ساتھ ان کے حصول کے لئے ٹائم لائنز مقرر کی جائیں اور ان پر پیش رفت کی رپورٹ باقاعدگی سے پیش کی جائے۔ سرحدوں کے ذریعے اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے موثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وزیراعظم نے چیئرمین ایف بی آر کو ہدایت کی کہ سرحدوں پر واقع تمام کراسنگ پوائنٹس کی موثر نگرانی کے لئے انتظامات یقینی بنائے جائیں۔۔

شال بقیہ 3

پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کو جمعرات کو طبیعت ناساز ہونے پر کراچی کے نجی ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج انتقال کر گئے، میر حاصل بزنجو کینسر کے عارضے میں مبتلا تھے تاہم انہوں نے جواں مردی سے موذی مرض کا مقابلہ کرتے ہوئے سیاسی سرگرمیوں کو بھرپور انداز میں جاری رکھا، مرحوم میر حاصل خان بزنجو بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے فرزند تھے انکا شمار بلوچستان کی بزرگ اور متحرک سیاسی شخصیات میں ہوتا تھا مرحوم وفاقی وزیر، سینیٹر، رکن قومی اسمبلی رہے انکا جسد خاکی آج صبح 6 بجے کراچی سے آبائی علاقے نال ضلع خضدار روانہ کیا جائیگا جبکہ مرحوم کی تدفین شام پانچ بجے نال میں انکے آبائی قبرستان میں کی جائیگی، نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی نے میر حاصل بزنجو کے انتقال پر دس روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے اس دوران پارٹی پرچم سرنگوں رہے گا۔ مرحوم میر حاصل بزنجو 1990 سے 1993 اور 1997 سے 1999 تک رکن قومی اسمبلی رہے وہ 2010 میں سینیٹر منتخب ہوئے اور 2016 سے 2018 تک وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ رہے، مرحوم میر حاصل بزنجو 1997 سے 1998 تک بلوچستان نیشنل پارٹی کے جنرل سیکرٹری، 1998 سے 2005 تک بلوچستان نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر، 2005 سے 2008 تک نیشنل پارٹی کے سیکرٹری جنرل رہے جمہوریت کے لیے آواز اٹھانے والے حاصل بزنجو نے 2008 کے عام انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا لیکن 2009 میں سینیٹ کے انتخاب میں نیشنل پارٹی کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے حاصل بزنجو وفاق میں مسلم لیگ نواز کے حامی اور مضبوط اتحادی رہے سنہ 2013 کے انتخابات میں ان کی جماعت نے مسلم لیگ نواز کے ساتھ اتحاد کیا جبکہ 2014 میں نیشنل پارٹی کے صدر منتخب ہونے کے بعد حاصل بزنجو کو بندرگاہ اور شپنگ کی وزارت ملی تھی۔۔

شال بقیہ 4

کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی، لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ نے کہا پیک سی پیک بلوچستان اور پاکستان کی ترقی کی بنیاد ہے، اس میں بلوچستان کے مزید منصوبے ترجیحی بنیادوں پر شامل کئے جائیں گے، اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور سرمایہ کاروں کو دی جانیوالی مراعات و سہولیات کے بارے میں چیئرمین سی پیک اتھارٹی کو آگاہ کیا آخر میں فرمان زرکون نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

شال بقیہ 5

کہا کہ آئی جی ایف نے حیات بلوچ کے گھر جا کر تعزیت کی ہے اور آئی ایف سی نے بھی انکے خاندان کو مکمل یقین دہانی کرائی ہے کہ انہیں انصاف ملے گا انہوں نے کہا کہ حیات بلوچ کے قتل میں انصاف کے تمام تقاضے پورے ہوں گے اور قانون کے مطابق نامزد ملزم کو سزا ملے گا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ریاستی اداروں نے بلوچستان میں قیام امن کیلئے بے پناہ قربانیاں دی ہے جوانوں نے شہادتیں نوش کی ہے انہوں نے کہا کہ شرپسند اور شیطانی ذہنیت رکھنے والے عناصر ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کر کے اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کی ناکام کوشش ہے انہوں نے کہا کہ حکومت، پولیس اور ایف سی نے پہلے دن ہی حیات بلوچ کے ورثاء کو یقین دلایا ہے کہ حیات بلوچ کے ورثاء کو انصاف فراہم کرینگے جس پر حکومت عمل درآمد کر رہی ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے حیات بلوچ کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے دریں اثناء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبے اور خصوصاً حلقہ انتخاب ہرنائی وزیارت کے تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 6

آصف علی زرداری شروع دن سے انہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نہیں بنانا چاہتے تھے، ان سے ریکوڈک منصوبے، ٹرانسفر پوسٹنگ اور پرویز مشرف کے معاملے پر اختلافات تھے اگر سیاسی جماعتیں مضبوط ہوں گی تو یہ فیڈریشن ٹھیک چلے گی، آئین کے مطابق چلے گی اور اگر وہ سیاسی جماعتوں کو کمزور کریں گے تو ہوگا یہ کہ وہ آتے رہیں گے کوئی ریٹائرمنٹ سے پہلے ایکسٹینشن لیتا رہے گا ٹی وی چینل سے بات چیت کرتے ہوئے نواب رئیسانی نے کہا ہے کہ آصف علی زرداری شروع دن سے انہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نہیں بنانا چاہتے تھے، ان سے ریکوڈک منصوبے، ٹرانسفر پوسٹنگ اور پرویز مشرف کے معاملے پر اختلافات تھے۔ پیپلز پارٹی ایک طرف پرویز مشرف کو چیئرمین بھٹو کا قاتل کہتی دوسری طرف پارٹی قیادت کے گھر سے ان کا کوئٹہ آمد پر استقبال کرنے کے لیے کہا جاتا۔ وزارت اعلیٰ کے دور میں قومی قیادت کی جانب سے جلاوطن بلوچ رہنماں سے مذاکرات کے لیے کہا گیا مگر مفاہمت کے بغیر مذاکرات نہیں کرنا چاہتا تھا۔

شال بقیہ 7

موجود تھے۔ اس موقع پر وزیراعظم پاکستان عمران خان کی ہدایت پر کوئٹہ میں سستے آٹے کے سٹالز قائم کئے گئے، صوبائی وزیر خوراک سردار عبدالرحمن کھیتران کا سستے آٹے کے سٹالز کا دورہ کیا۔ گفتگو کرتے ہوئے سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ گزشتہ سال ضیر آباد میں سیلابی صورتحال میں گندم تباہ ہونے کی وجہ سے خریداری نہیں کی، بلوچستان حکومت نے گندم بحران پر قابو پانے کے لئے پاسکو سے گندم کی خریداری کی ہے، گندم کی خریداری صاف شفاف طریقے سے کی گئی ہے، صوبائی وزیر خوراک نے کہا کہ پاسکو سے خریدی گئی گندم بلوچستان کے گوداموں میں پہنچ چکی ہے بلوچستان میں آٹے کے دام کو کنٹرول ریٹ میں فروخت کرنے کے لئے سختی سے احکامات جاری کئے گئے ہیں، فلور ملز ایسوسی ایشن کے تعاون سے آٹے کے ریٹس کی استحکام لا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 920 روپے مقرر کی گئی ہے، دکانداروں کو آٹے کے 20 کلو تھیلے میں مناف دیا گیا ہے، دکاندار آٹے کے 100 کلو تھیلے پر 50 کلو منافع کمانے کا مجاز ہوگا، سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ جب تک بلوچستان میں ہماری حکومت قائم ہے محکمہ خوراک میں کسی قسم کی پریشان نہیں ہونے دیں گے ضرورت پڑی تو گندم کے بحران پر قابو پانے کے لئے مل اور چکی اونرز سے بھی مشاورت کی جائیگی۔

شال بقیہ 8

ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گزشتہ روز پی اے سی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی کی زیر صدارت محکمہ صحت کے ساتھ مختلف آڈٹ پیراز پر بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت ربابہ خان بلیدی، پی اے سی کے اراکین ملک نصیر احمد شاہوانی، ثناء اللہ بلوچ، عبدالخالق ہزارہ، ذابد علی ریکی، نصراللہ زیرے، صوبائی سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی، ڈائریکٹر جنرل صحت شاکر بلوچ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ غلام سرور مندوخیل، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان فرخ سہیل ملک، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈی ایچ او زاور مختلف ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، محکمہ خزانہ اور محکمہ قانون کے حکام نے شرکت کی۔

شال بقیہ 9

کے اجرا سمیت دیگر مربوط وسائل کی فراہمی کے لیے جامع پلان مرتب کرتے ہوئے اس پر پیشرفت کو مزید تیز کرنے کی ہدایات صادر کیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں نئے اضلاع کے قیام سے عوامی مسائل میں خاطر خواہ کمی آئے گی۔

شال بقیہ 10

بھی نہیں ہوں گے، وزیراعظم نئی نیشنل پارک سروس شروع کرنے جا رہے ہیں جس سے 30 ہزار نوجوانوں کو نوکری ملے گی، اگلے سال جون تک ہم ایک ارب درخت لگائیں گے۔ جمعرات کو یہاں اپنی وزارت کی دو سالہ کارکردگی پیش کرتے ہوئے ملک امین اسلم نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی پاکستان کے لیے سب سے بڑے چیلنجز میں سے ایک ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ماحولیات پر آئندہ 3 سال میں کچھ نہ کیا گیا تو کچھ اضلاع رہنے کا قابل بھی نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ درخت لگانے کی مہم کو 10 بلین ٹری تک کر دیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان میں شاپنگ بیگز کے استعمال میں کمی لانا ہمارا مقصد تھا، اور الیکٹرک وہیکل چلانا بھی ہماری ترجیحات میں شامل تھا۔ مشیر ماحولیاتی تبدیلی نے بتایا کہ الیکٹرک وہیکل کو چارج کرنے کے لیے الیکٹرک چارج پمپ بھی شروع کر دیے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نئی نیشنل پارک سروس شروع کرنے جا رہے ہیں جس سے 30 ہزار نوجوانوں کو نوکری ملے گی۔ ماحولیاتی تبدیلی کے خطرات کو اجاگر کرتے ہوئے ملک امین اسلم نے کہا کہ وزیراعظم جس بھی بین الاقوامی فورم پر گئے تو کلائمٹ چینج کے نقطے پر خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ کلائمیٹ دنیا کے تین بڑے چیلنجز میں آتا ہے، حالیہ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے 2050 تک کچھ نہ کیا تو چھ اضلاع میں آپ زندہ نہیں رہ سکیں گے، ہم نے سب سے پہلے اپنا پانچ نکاتی ایجنڈہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگلے سال جون تک ہم ایک ارب درخت لگائیں گے۔ وزیر مملکت زرتاج گل نے کہا کہ ہم 85 ہزار نوکریاں پہلے ہی دے چکے ہیں، اگلے سال تک بلین ٹری میں دس ہزار مزید نوکریاں دیں گے۔۔ وزیر برائے پارلیمانی امور نے کہا کہ ہم بچوں کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو سرعام پھانسی دلوانے کا بل لائے، بلین ٹری کے حوالے سے قانون سازی کو ہم نے سپورٹ کیا، ایف اے ٹی ایف کے حوالے سے آخری لازمی بل ہم نے سینٹ سے پاس کرا لئے ہیں، پاکستان میں سارا اندھیرا نہیں ہے روشنی آ رہی ہے۔ وزیر برائے انسداد منشیات شہریار آفریدی نے کہا کہ ہم وزارت داخلہ میں تاریخی اپنی انکروچمنٹ پالیسی لیکر آئے تھے، ہم نئی ویزا پالیسی لیکر آئے۔ شہریار آفریدی نے کہا کہ میں تاقیامت زائرین کے پاس گیا تھا، آسیہ مسیح کیس کا فیصلہ آنے کے بعد ہم نے ایک کلمہ بھی نہیں نوٹ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈرگ کے حوالے سے ہم نے تاریخی مہم چلائی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر ایک ایسی مثال بنے گا جس پر دنیا فخر کرے گی، کشمیر کمیٹی کشمیر اشو کو بھرپور رہائی لائٹ کر رہی ہے۔۔

شال بقیہ 11

آنے والی سہولتوں پر بریکنگ دی گئی۔ سٹیٹ بنک آف پاکستان ملک کے آٹھ بڑے بنکوں کے تعاون سے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ متعارف کرا رہا ہے، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ ستمبر کے پہلے ہفتے میں متعارف کرایا جائے گا۔

شال بقیہ 12

کیا ہے، جس کیلئے چین اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنا دونوں خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز XX اقتصادی ترقی، عوامی بہبود اور سی پیک کا ذریعہ XX کے موضوع پر کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے زیر انتظام ویبینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں وزیر برائے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا سینٹرل کمیٹی (Mr Song Tao.) پاکستان میں تعینات چائنیز سفیر مسٹر جاویھنگ (Yao Jing.Mr)، سینٹ چیئرمین صادق سنجرانی، سینیٹر مشاہد حسین سید اور پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان کے علاوہ ملک کی مختلف سیاسی تنظیموں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ گورنر بلوچستان نے ویبینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جان لیوا کرونا وائرس کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال میں دنیا کے تمام ممالک کے معیشت، صحت اور روزگار کے مواقع بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں۔ اس عالمی وبا کے دوران چین کا ایک نہایت اہم کردار رہا ہے اور پاکستان چائنا کے اس انسان دوست کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین، پاکستان کا عظیم دوست اور ہمسایہ ملک ہے، چین نے پاکستان کا مشکل کی ہر گھڑی میں ساتھ دیا ہے اس لئے ہمیں چین اور پاکستان کی دیرینہ دوستی پر فخر ہے۔ گورنر یاسین رئی نے کہا ہے کہ موجودہ وقت میں ایک نہایت اہم موضوع پر ویبینار کا اہتمام کرنا اور مختلف سیاسی تنظیموں کے قائدین کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا جہاں وہ اپنے خیالات، تحفظات اور تجاویز پیش کر سکیں یقیناً اقتصادی ترقی اور سفارتی تعلقات کے حوالے سے لائق تحسین عمل ہے

شال بقیہ 13

مالک تھے اور مرحوم نے ایک سیاسی ورکر کے طور پر ساری زندگی سیاسی جدوجہد کی وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو بلوچستان کی سیاسی آواز تھے جنہوں نے ہمیشہ صوبے کے حقوق کی بات کی میر حاصل خان بزنجو کی وفات سے ملک اور صوبہ ایک اہم سیاسی شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں وزیراعلیٰ نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ میر حاصل خان بزنجو کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان اور انکی پارٹی کے کارکنوں کو یہ صدمہ صبر و ہمت سے برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

شال بقیہ 14

ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ تعزیتی بیان میں کہا گیا ہے کہ جمہوریت، صوبائی خودمختاری اور انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے انہوں نے قربانیاں برداشت کیں لیکن اپنے موقف پر ہمیشہ ڈٹے رہے۔ وہ پارلیمنٹ میں جمہوریت کی توانا آواز تھے۔ مرحوم کی وفات پر انکی جماعت اور خاندان کے ساتھ غم میں برابر کی شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔۔

شال بقیہ 15

باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات صرف حکومتی سطح تک محدود نہیں، تعلقات سعودی اور پاکستانی قوم کے درمیان قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک سعودی تعلقات ناقابل تسخیر ہیں اور عالمی منظرنامے کی تبدیلی پر منحصر نہیں، حرمین شریفین کا تقدس ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے

شال بقیہ 16

رکھی اور اپنے والد بابائے بلوچستان کے نقش قدم پر چل کر کسی بھی مرحلے پر سیاسی خلاء کو ادھورا رہنے نہیں دیا۔ وہ پارلیمنٹ کی زینت تھے جب بھی بولتے تو متوسط طبقات کی بہتر انداز میں نمائندگی کرتے، جو موقف اپناتے اس پر اس پر کاربند رہنے کو اپنے لئے لازمی تصور کر لیتے، رکن بلوچستان اسمبلی میر نعمت اللہ خان زہری کا کہنا تھا کہ میر حاصل خان بزنجو صوبوں اور وفاق کے درمیان یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کی علامت تھے۔ بلوچستان کی شورش میں بھی اس نے پاکستان زندہ باد کا نعرہ بلند کیا۔ ان کی حب الوطنی، سیاسی تجربہ، قومی خدمت اور عوامی نمائندگی ضرب المثل تھے۔ وہ اصولوں پر پابند رہنے والے سیاسی رہنماء تھے، بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کی تربیت کے باعث ان کی جانشینی کا حق بھرپور انداز میں ادا کر رہے تھے۔ آج ان کی رحلت کا سن کر بے حد افسردہ و دل گرفتہ ہوں کہ ایک تجربہ کار سیاستدان پارلیمنٹرین ہم سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو گیا، اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ میر حاصل بزنجو کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور ان کے خاندان و سیاسی ورکرز اور ان کے عقیدت مندوں کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

شال بقیہ 17

انصاف جب حکومت میں آئی تو ایکسپورٹ اور ٹریڈ گرے ہوئے تھے، حکومت کی ترجیح تھی کہ برآمدات پر توجہ دی جائے اور درآمدات کم کی جائے۔ مشیر تجارت نے کہا کہ کرونا سے پہلے ہماری برآمدات میں دگنا اضافہ ہوا تھا، فروری کے مہینے میں پاکستان کی برآمدات 14 فیصد بڑھی۔ عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ حکومت کا مقصد ایکسپورٹ بڑھانا اور میڈ ان پاکستان کو ترجیح دینا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 20 بلین ڈالر سے کم ہو کر 3 بلین ہو گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اس لیے کم ہوا کہ ہم نے امپورٹ کم کی اور ایکسپورٹ کو بڑھایا، ہم نے لگژری آئٹم پر ڈیوٹی بڑھائی، جبکہ میٹریل پر ڈیوٹی کم کی۔ مشیر تجارت نے کہا کہ جون کے آخر تک ہماری ریٹنگ 130 تھی اور اب 108 ہو گئی ہے، ڈیویلائزیشن کے بعد حکومت نے ای کامرس کو بھی ترجیح دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کورونا جب ختم ہوگا تو چین کے ساتھ فری ٹریڈ معاہدہ (ایف ٹی اے) بحال ہوگا۔ مشیر تجارت نے اعتراف کیا کہ ہماری ایکسپورٹ بہت کم ہیں تاہم انہیں بڑھانے کے لیے وزیراعظم نے اسٹریٹجک ٹریڈ فریم ورک منظور کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں ای۔ کامرس نہیں تھی، کابینہ نے ای۔ کامرس کی منظوری دی۔ مشیر تجارت نے کہا کہ جیوگرافیکل انڈیکیشن کا ایک قانون بنا دیا گیا ہے، جو پاس بھی ہو گیا ہے، اس سے ہمارے گلچرل پراڈکٹس پر کوئی اور اپنا نام استعمال نہیں کر سکے گا۔ عبدالرزاق داؤد نے بتایا کہ جولائی میں پاکستان کی ایکسپورٹ ریکارڈ سطح پر تھیں اور پاکستان کی پرفارمنس اچھی رہی۔ انہوں نے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ ہماری تجارت اور ایکسپورٹ کے ریکارڈز مزید بہتر ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پہلی بار را میٹریل ڈیوٹی فری آنا شروع ہو گیا ہے۔۔

شال بقیہ 18

روشن پہلو تھے جنہوں نے تمام عمر اصولوں کی سیاست کی میر حاصل خان بزنجو کے انتقال سے ملک ایک سنجیدہ اور مخلص سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے میر حاصل خان بزنجو کی وفات سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا انہوں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ میر حاصل خان بزنجو کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطاء کرے۔

شال بقیہ 19

سیاستدان تھے جنہوں نے تمام عمر اصولوں کی سیاست کی میر حاصل خان بزنجو کے انتقال سے ملک ایک سنجیدہ اور مخلص سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے میر حاصل خان بزنجو کی وفات سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پر نہیں ہو سکے گا انہوں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ میر حاصل خان بزنجو کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطاء کرے۔

شال بقیہ 20

کہا ہے کہ میں سمجھتا تھا گزشتہ سال کی نسبت آرام سے تقریر سن لی جائے گی۔ جمعرات کو صدر مملکت عارف علوی نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا تاہم صدر مملکت کے خطاب سے قبل ہی اپوزیشن نے ایوان میں شور شرابہ شروع کر دیا۔ بعد ازاں صدر مملکت نے خطاب شروع کرتے ہوئے کہا کہ میں سمجھتا تھا گزشتہ سال کی نسبت آرام سے تقریر سن لی جائے گی۔

شال بقیہ 21

حفاظتی ٹیکہ جات ہے اس مرض سے ماں اور بچے کی جان کو ہمیشہ خطرہ لاحق ہوتا ہے جس کی بدولت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں اموات کی شرح زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کوئٹہ میں 22 سے 27 اگست تک ایم این ای پی پروگرام 6 دن تک جاری رہے گا اس خصوصی مہم کے دوران 15 سے 49 سال تک غیر شادی شدہ اور شادی شدہ خواتین کو ٹیکے کے خلاف حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے اس سلسلے میں ضلع کوئٹہ کو 50 یونین کونسل میں تقسیم کیا گیا ہے

شال بقیہ 22

وجدوجہد جاری رکھا اور وفاق میں بلوچستان کی نمائندگی کا بھرپور انداز میں حق ادا کرتے ہوئے کردار کے منازل طے کرتے رہے۔ وہ وفاق اور صوبوں و تمام اقوام کو جوڑنے میں مہارت رکھتے تھے، ہمیشہ وفاق کی مضبوطی، آئین و پارلیمنٹ کی بالادی، ملک کی سالمیت اور قوموں کے حقوق کے لئے اپنی سیاسی کاز کی پیروی کرتے رہے۔ میر حاصل بزنجو اپنے والد بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی وراثت کا حق بھرپور انداز میں ادا کرتے ہوئے پوری زندگی ثبت، ذمہ دارانہ اور عوامی نمائندگی پر مبنی سیاست کو فروغ دیا، پارلیمنٹ میں اپنی دلیرانہ سیاست کی بدولت بلوچستان سمیت پوری قوم کی آواز بنے رہے

شال بقیہ 23

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم غیلشکی، مولانا محمد ایوب مفتی عبدالسلام رئیسانی، حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد مولانا محمد طاہر توحیدی سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمن ملا خلیل حاجی قاسم خان علی حافظ سردار محمد نورزئی حاجی صالح محمد ملک عبداللہ خان ناصر اور دیگر نے کیا ہے

شال بقیہ 24

کہ مرحوم میر حاصل خان بزنجو ایک انتہائی متحرک دو اندیشن اور زیرک سیاسی شخصیت تھے جنہوں نے جمہوریت، آئین کی بالادستی عوام کے حقوق کے لئے ہمیشہ جدوجہد کی انہوں نے کہا کہ میر حاصل بزنجو کی قیادت میں انکی جماعت نے مسلم لیگ (ن) کا ہر مشکل وقت میں ساتھ دیا اور آخری وقت تک وہ اپنے اصولوں پر قائم رہے، انہوں نے کہا کہ میر حاصل بزنجو نے عہدے یا اقتدار کی پروا کئے بغیر اپنے اکابرین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے تاریخ میں اپنا نام امر کیا انکی وفات سے ملک جمہوری کے لئے جدوجہد کرنے والی ایک شخصیت سے محروم ہو گیا انکی وفات سے پیدا ہونے والا خلاء پر کرنا ناممکن ہے مسلم لیگ (ن) مرحوم میر حاصل بزنجو کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتی ہے جس مشن کو میاں نواز شریف اور میر حاصل بزنجو نے ملکر کر شروع کیا وہ اپنے انجام تک پہنچنے تک جاری و ساری رہے گا

شال بقیہ 25

بلوچستان کے سینئر سیاستدان اور نیشنل پارٹی کے رہنما میر حاصل بزنجو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انکی وفات سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پورا نہیں ہوگا بلوچستان کی سیاسی حلقوں اور پارٹی میں انکی کمی مدتوں یاد رکھی جائے گی۔ مزدور رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگوار خاندان کے تمام افراد کو صبر جمیل عطا کرے۔

شال بقیہ 26

جان بی بی بیوہ صدیق شدید زخمی ہوگئیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق رواں برس بھارت 2027 مرتبہ جنگ بندی کی خلاف ورزیاں کر چکا ہے، ان خلاف ورزیوں میں 16 نہتے شہری شہید اور 166 افراد زخمی ہو چکے ہیں، ترجمان کے مطابق بھارتی فورسز لائن آف کنٹرول، ورکنگ باؤنڈری پر مسلسل نہتی شہری آبادی کو نشانہ بنا رہی ہیں، بھارت کا معصوم شہریوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، بھارت کی اشتعال انگیزی خطے میں امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہے، بھارت ان حرکتوں سے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے دنیا کی توجہ نہیں ہٹا سکتا، بھارت 2003ء کے فائر بندی معاہدے کی پاسداری کرے۔۔

شال بقیہ 27

حاصل خان بزنجو کی وفات پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم نے ہر فورم پر بلوچستان کے حقوق کی جنگ لڑی ان کی رحلت سے پورا ملک بالخصوص بلوچستان بہت بڑی شخصیت سے محروم ہو گیا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

شال بقیہ 28

بڑی کارروائی۔ کارروائی کے دوران تخریب کاروں کے ٹھکانے سے بڑی تعداد میں اسلحہ و گولا بارود برآمد کر لیا گیا ہے گزشتہ شام ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ نے رسالدار میجر لیویز شیر محمد مری کے ہمراہ لیویز لائن میں پریس کانفرنس کے دوران صحافیوں کو بتایا کہ لیویز فورس نے یہ کارروائی حساس ادارے کی اطلاع پر کاہان کے علاقے لیکیکوغ میں کی ہے کارروائی کے دوران بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد ہوا ہے

شال بقیہ 29

نے نیشنل پارٹی کے قائد اور سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو کی ناگہانی وفات سے بلوچستان کے سیاسی میدان میں پیدا ہونے والا خلا پورا نہیں ہو سکتا وہ ایک مدبر اور نڈر سیاستدان تھے۔ انہوں ساری زندگی بلوچستان کے حقوق اور جمہوریت کی بالادستی کے لئے گراں قدر خدمات انجام دیئے۔ حاصل خان ب

قرآن مجید کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے، سردار یعقوب خان ناصر

مسلمان قرآن مجید کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے ہم اپنی جان کی بازی لگا کر اپنے آسمانی کتاب قرآن مجید کی حفاظت کرینگے

وزیراعظم عمران خان سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اٹلی کے سفیر کو بطور احتجاج انھیں ملک بدر کریں، سینیٹر مرکزی نائب صدر پی ایم ایل ن

صوبائی وزیر موصلات وتعمیرات میر عارف محمد حسنی سے ڈی سی کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی ملاقات کررہے ہیں

لورالائی (این این آئی) پی ایم ایل ن کے سینئر مرکزی نائب صدر سینیٹر سردار یعقوب ناصر نے یو آئی کے مرکزی رہنما، سابق وفاقی وزیر مولانا امیر زمان نے یو آئی کے صوبائی سرپرست سابق وزیر مولوی فیض اللہ نے اٹلی میں پولیس سپاہی کا قرآن شریف پر کھڑے ہوکر ملعون کی قرآن مجید کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید کی بے حرمتی سے پورے عالم اسلام میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے انہوں نے کہا کہ مسلمان قرآن مجید کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کرسکتے ہم اپنی جان کی بازی لگا کر اپنے آسمانی کتاب قرآن مجید کی حفاظت کرینگے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اٹلی کے سفیر کو بطور احتجاج انھیں ملک بدر کریں جب تک اٹلی کی حکومت ملعون کو سخت سے سخت سزا نہ دیں انہوں نے کہا کہ حکومت اس بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلے میں 21 اگست کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی، مالک فیڈروں سے 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پارٹی کو مزید فعال کرنے کیلئے جلد کوئٹہ ڈویژن کے ڈسٹرکٹ الیکشن کرائیں گے، طاہر محمود خان

بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان بڑھ چڑھ کے حصہ لیں پی اے پی ایک سوچ فکر ترقی خوشحالی اور جمہوریت پر یقین رکھتی ہے

اس لئے ڈسٹرکٹ کوئٹہ ڈویژن کے ڈسٹرکٹ الیکشن کرانا بھی جمہوری روایات کا حصہ ہے، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے ڈویژنل آرگنائزر سابق صوبائی وزیر طاہر محمود خان نے کہا ہے کہ پارٹی کو مزید فعال کرنے کیلئے جلد کوئٹہ ڈویژن کے ڈسٹرکٹ الیکشن کرائیں گے جس میں بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان بڑھ چڑھ کے حصہ لیں پی اے پی ایک سوچ فکر ترقی خوشحالی اور جمہوریت پر یقین رکھتی ہے اس لئے ڈسٹرکٹ کوئٹہ ڈویژن کے ڈسٹرکٹ الیکشن کرانا بھی جمہوری روایات کا حصہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی معیاری سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائیگا، بلیدی ربابہ

بچوں میں غذائی قلت کے مسائل پر قابو پانے کیلئے نیوٹریشن پروگرام کے تحت اسپتال میں سیل قائم کیا جائے گا

نواحی علاقوں میں قائم شاندار سرکاری اسپتالوں کو صرف بلڈنگز کی ظاہری خوبصورتی تک محدود نہیں رکھنا چاہیے، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی زیر صدارت نواب بخش خان رئیسانی میموریل اسپتال مستونگ کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس ایجنڈا کمیٹی روم سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں نواب غوث بخش خان رئیسانی میموریل اسپتال کے بورڈ آف گورنرز کے اراکین رکن بلوچستان اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی، شکیلہ نوید قاضی، سیکرٹری صحت وسیم خان جمالدینی، سیکرٹری خزانہ نور الحق بلوچ، اسپتال کے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ اور ایس ایس پی عبدالحی مرلبلوچ محرم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

آغا شکیل احمد کا نوجوان طالب علم حیات بلوچ کی شہادت پر بے حد دکھ اور افسوس کا اظہار

معصوم نوجوان شہید حیات بلوچ کی کمی اور درد کو آج ہر ایک محسوس کررہا ہے

خضدار (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما سابق چیئرمین خضدار آغا شکیل احمد خضداری نے نوجوان طالب علم حیات بلوچ کی شہادت پر بے حد دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یقیناً یہ ایک دلخراش اور افسوسناک واقعہ ہے اس واقعہ کے بارے میں پوری قوم درد محسوس کررہی ہے۔ جس طرح شہید نوجوان کے والدین اور خاندان کے دیگر افراد کو تکلیف پہنچی ہے ویسے ہی ہم اور ہمارے دوست واحباب بھی طالب علم حیات بلوچ کی شہادت پر کرب محسوس کررہے ہیں۔ کسی ایک فرد کی ہوتی ہے اور اس کا نقصان پوری قوم کو بھگتنا پڑتا ہے، حیات بلوچ کی شہادت میں بھی ویسا ہی ہوا۔ حکومت بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کسی بھی بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے، درچین مری

ایک سنگین جرم ہے جس کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانا ناگزیر ہے

اوتھل (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی رہنما درچین مری نے شہید حیات بلوچ کے قتل کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے اور ایک سنگین جرم ہے جس کے مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانا ناگزیر ہے اور اس سلسلے میں ملزم کی گرفتاری اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی جانب سے مقتول حیات بلوچ کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی باعث اطمینان ہے۔ انہوں نے شہید حیات بلوچ کے لواحقین سے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی جانب بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ صوبے میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر قربان علی کھوسہ کا میونسپل کمیٹی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قربان علی کھوسہ نے میونسپل کمیٹی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا میونسپل کمیٹی کے دورے کے دوران چیف آفیسر اور اس کا عملہ موجود پایا گیا۔ چیف آفیسر بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

ریاستی اداروں نے بلوچ پشتون عوام کو روزے اول سے دوسرے درجے کا شہری سمجھا ہے، پی ایس ایف

ایسے ہتھکنڈے استعمال کرکے کبھی بھی ظلم چھپایا نہیں جا سکتا

کوئٹہ (آن لائن) پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن نے بلوچستان میں ایف سی کی طرف سے جاری ناروا سلوک کے بارے میں اپنا موقف پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاستی اداروں نے بلوچ پشتون عوام کو روزے اول سے دوسرے درجے کا شہری سمجھا ہے۔ گزشتہ روز حیات بلوچ کے ساتھ بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات سے بلوچستان ایک اہم سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا ہے، ملک انور نسیم کاسی

ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز بلند کی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لائرز ونگ کے صدر ملک انور نسیم کاسی نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم کی وفات سے بلوچستان ایک اہم سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انور نسیم کاسی نے کہا کہ سینیٹر میر حاصل خان بزنجو نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

تمبو خان کوٹ پولیس امن وامان قائم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے، میر نظام الدین لہڑی

عوام کی جان ومال غیر محفوظ ہیں دن دھاڑے گن پوائنٹ پر شریف شہریوں سے لوٹ مار کا سلسلہ جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و نصیر آباد کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر نظام الدین لہڑی نے کہا ہے کہ تحصیل تمبو خان کوٹ پولیس امن امان قائم کرنے میں مکمل ناکام ہوچکی ہے عوام کی جان ومال غیر محفوظ ہیں دن دھاڑے گن پوائنٹ پر شریف شہریوں سے لوٹ مار کا سلسلہ جاری ہے پولیس چوروں کے سامنے بے بس نظر آرہی ہے۔

چافی کے مختلف کرکٹ کلبز کے کھلاڑیوں نے رخشان ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کو مسترد کردیا

رخشان ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کے نام پر کھیلوں کے لاکھوں روپے کے فنڈز کو غبن کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے

چافی (آن لائن) چافی کے مختلف کرکٹ کلبز کے کھلاڑیوں نے رخشان ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کو مسترد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق واحد دین سمیت نوکنڈی اور چافی کے مختلف کرکٹ کلبز کے کھلاڑیوں نے شیر دل مجاز سالاری کی قیادت میں واحد دین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ اور مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رخشان ڈویژن اسپورٹس فیسٹیول کے نام پر کھیلوں بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

پاکستان میں عموماً بارش رحمت سے زیادہ زحمت بن جاتی ہے، شازیہ علی

بلوچستان میں دو ہفتے قبل بارشوں کی وجہ سے کئی اضلاع کو گیس کی ترسیل کئی دنوں تک معطل رہی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں عموماً بارش رحمت سے زیادہ زحمت بن جاتی ہے۔ بلوچستان میں دو ہفتے قبل بارشوں کی وجہ سے کئی اضلاع کو گیس کی ترسیل کئی دنوں تک معطل رہی۔ کوئٹہ کے مضافاتی علاقے نواں کلی کی رہائشی خاتون شازیہ علی نے بتایا کہ گزشتہ ایک ہفتے میں گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے ان کے علاقے کے لوگوں کو شدید مسائل کا سامنا رہا کیونکہ روزانہ پانچ سے چھ بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

سڑک کی تعمیراتی کام میں ناقص میٹریل استعمال ہوا ہے، سردار صالح محمد بھوتانی

سڑک کی تعمیراتی کام میں ناقص میٹریل استعمال ہوا ہے اپنی غلطیاں چھپانے کے لیے بائی پاس کو رکاوٹیں دیکر بند کردیا ہے

حب بائی پاس پر کروڑوں روپے عوامی فنڈز لگے ہیں جو ایکسین B&R کی غفلت سے ضائع ہورہے ہیں، صوبائی وزیر بلدیات

لسبیلہ (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی کا حب بائی پاس کا دورہ سڑک کی تعمیراتی کام میں ناقص میٹریل پر سخت برہم جمعرات کے روز صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی نے حب بائی پاس کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سڑک کی تعمیراتی کام میں ناقص میٹریل استعمال ہوا ہے اپنی غلطیاں چھپانے کے لیے بائی پاس کو رکاوٹیں دیکر بند کردیا ہے تاکہ کوئی یہاں نہ آ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایم پی اے نواب محمد اسلم رئیسانی جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے انکے چیمبر میں ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ شہر مسائل کی آماجگاہ بنا ہوا ہے اس جانب متعلقہ حکام کو جگانا ہمارا کام ہوگا، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ بلاتفریق انسانیت کی پرچیں رکھتے ہوئے دن رات عوامی مسائل کو حل کرنے کی جدوجہد کریگی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی کمیٹی برائے امور نادرا، پاسپورٹ، لوکل، ڈومیسائل، میونسپل سروسز کا گزشتہ روز مولانا عبداللہ مسلم کی رہائش گاہ گوالمنڈی چوک پر زیر صدارت چیئرمن کمیٹی اور ضلعی نائب امیر مولانا محمد ایوب منعقد ہوا جس میں ضلع کوئٹہ میں عوام کو درپیش متعلقہ مسائل پر کافی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں کمیٹی ارکان مفتی رحمت اللہ میر سرفراز شاہوانی محمد اسمٰعیل ایڈوکیٹ حافظ عبیداللہ مولانا حزب اللہ نقیب اللہ مولانا عبداللہ مسلم امین اللہ مولانا عبدالمالک بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کے باعث پرائیویٹ اسکولز اور انکے اساتذہ بری طرح متاثر ہوئے ہیں، نورالدین کاکڑ

حکومت فوری طور پر پرائیویٹ اسکولوں اور اساتذہ کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، جنرل سیکرٹری لالا سلطان قریش، سیکرٹری اطلاعات روزی محمد شاہی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث پرائیویٹ اسکولز اور انکے اساتذہ بری طرح متاثر ہوئے ہیں حکومت فوری طور پر پرائیویٹ اسکولوں اور اساتذہ کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کورونا بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ایک بزرگ سیاسی شخصیت کے انتقال کا سن کر گہرا دکھ ہوا، سید حسنین ہاشمی

مرحوم میر حاصل بزنجو کی بلوچستان کے لئے گراں قدر خدمات تھیں، مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری پی اے پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی نے نیشنل پارٹی کے رہنما میر حاصل بزنجو کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ایک بزرگ سیاسی شخصیت کے انتقال کا سن کر گہرا دکھ ہوا مرحوم میر حاصل بزنجو کی بلوچستان کے لئے گراں قدر خدمات تھیں انہوں نے ہمیشہ فیڈریشن کی سیاست کی اور صوبے کے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد کرتے رہے، مرحوم کا سیاسی کیریئر ایسے کئی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تاہم کوئی جانی مالی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تاہم کوئی جانی مالی نقصان نہیں ہوا، زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی میں جمعرات کی سہ پہر تین بجکر بیس منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، زلزلے کی شدت 3.6 ریکارڈ کیگئی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

محرم الحرام تمام مسلمانوں کو آپس میں اتحاد اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، سید داؤد آغا

ہم سب پر بحیثیت مسلمان فرض ہے کہ اس مہینہ میں اتحاد بین المسلمین کا مثالی مظاہرہ کریں، صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان شیعہ کانفرنس کے میڈیا سیل کے مطابق بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر سید داؤد آغا نے کہا ہے کہ محرم الحرام کی آمد ہے ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کہ وہ کوئٹہ شہر میں عزاداری سید الشہداء کے جلوس کے روٹ کے ساتھ ان مقامات پر جہاں امام بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پورے بلوچستان کا نقصان ہے، آغا عمر بنگلوئی

کوئٹہ (این این آئی) سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان آغا عمر بنگلوئی نے کہا ہے کہ سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پورے بلوچستان کا نقصان ہے صوبہ اور ملک ایک مخلص، متحرک سیاسی شخصیت سے محروم ہوگیا ہے، اپنے ایک تعزیتی بیان میں آغا عمر بنگلوئی نے کہا کہ سینیٹر میر حاصل بزنجو بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

حب صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی حب بائی پاس کا دورہ کررہے ہیں

سیاسی ماحول کو سازگار بنانے کے لیے مثبت سوچ اور باہمی رواداری کو فروغ دیا جائے، آغا شکیل احمد

خضدار (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکریٹری و روشنائی سوشل آرگنائزیشن کے مرکزی چیئرمین میر اشرف علی مینگل کی جانب سے آغا شکیل احمد خضداری اور سردار عزیز محمد عمرانی کے اعزاز میں چائے پارٹی دی گئی۔ اس موقع بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر قاسم بلوچ کا میر حاصل خان بزنجو کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ وائس چیرمین قیوم بارکزئی ایڈووکیٹ صوبائی صدر سردار داود خان لگھاری جنرل جان بلوچ نے کہا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو کا انتقال ہمارے لیے باعث صدمہ ہیں بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ ہیلتھ کوآرڈینیٹر EPI غلام نبی کا پاکستان خاصخیلی جماعت لسبیلہ کے مرکزی دفتر اوتھل کا دورہ

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کوآرڈینیٹر EPI غلام نبی کا پاکستان خاصخیلی جماعت لسبیلہ کے مرکزی دفتر اوتھل کا دورہ انہوں نے مورخہ 24 اگست سے شروع ہونے والی تشیخ سے بچاؤ کی 6 روزہ مہم کے سلسلے میں آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی حکومت کی ہدایت پر مورخہ 24 اگست سے تشیخ سے بچاؤ کی مہم شروع کی جارہی ہے جو 29 اگست سے تک جاری رہے گی جس میں 15 سے 49 سال تک کی عمر کی خواتین کو تشیخ سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے جائیں پر EPI لسبیلہ کے ڈسٹرکٹ غلام مصطفیٰ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

محرم کا مہینہ ہمیں برداشت اور حق پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے، عبدالحئی عمر بلوچ

عشرہ محرم میں ماتمی جلوسوں کے حوالے سے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے

نصیر آباد (پ ر) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ اور ایس ایس پی نصیر آباد عبدالحئی عمر بلوچ کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے علمائے کرام کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈی ایس پی سرکل ملک عبدالغفار سیلانی، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر گلاب خان شیخ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر عبدالمنان لاکی، ایم ایس ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، پی آر او غلام علی اجڑو سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام ڈاکرین امن کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی عشرہ محرم الحرام ماتمی جلوسوں بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

سعید احمد ہاشمی، میر جان جمالی اور ڈاکٹر رقیہ ہاشمی کی میر حاصل بزنجو کے انتقال پر تعزیت

میر حاصل بزنجو ایک عظیم سیاسی رہنما تھے، ان کے وفات سے بلوچستان ایک اور عظیم رہنما سے محروم ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی رہنما و سابق سینیٹر سعید احمد ہاشمی بلوچستان عوامی پارٹی کے چیف آرگنائزر و سابق ڈپٹی چیئرمین سینٹ میر جان محمد جمالی اور سابق مشیر خزانہ ڈاکٹر رقیہ ہاشمی نے نیشنل پارٹی کے رہنما میر حاصل بزنجو کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک کہنہ مشق سیاستدان تھے انہوں نے اپنی تمام زندگی ملک میں جمہوری بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

غیر ملکی افراد کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جائیگی، عبدالرزاق چیمہ

تھانوں کی سطح پر علاقے میں کرایہ کے مکانوں، سرائے، ہوٹلوں اور شہر کے خارجی اور داخلی راستوں پر چیکنگ اور سیکورٹی کا نظام پہلے ہی سے موثر طور پر کام کررہا ہے

ضلعی سطح پر پولیو مہم کی مانیٹرنگ کیلئے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

پولیو مہم ایک قومی کاز ہے اور اسکی کامیابی کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیئرمین ضلعی انتظامیہ اور ضلعی ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے آر ایچ سی لاکھڑا اور بنیادی مراکز صحت کا دورہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کو ضلعی ہیلتھ آفیسر نے قومی پولیو مہم کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے دیہی علاقہ لاکھڑا اور لیاری میں پولیو مہم کا جائزہ بھی لیا، اس موقع پر انھوں نے پولیو ہیلتھ ورکرز اور مانیٹرنگ افسران بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

مولانا محمد عمر عادل کا حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ہونے والے نقصانات پر سخت تشویش کا اظہار

ابھی تک ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی سروے ٹیم تک نہیں پہنچی کہ نقصانات کا جائزہ لیا جائے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع لسبیلہ کے نائب امیر مولانا محمد عمر عادل نے حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے ہونے والے نقصانات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک ضلعی انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی سروے ٹیم تک نہیں پہنچی کہ نقصانات کا جائزہ لیا جائے اور عوام کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے تجاویز پیش کی جاتی انہوں نے کہا کہ رہائشی علاقوں کے پشتے اور زرعی زمین کے بندات ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئے ہیں کروڑوں روپے مالیت کی فصلیں سیلابی ریلوں میں بہہ گئی ہیں جس کی وجہ سے غریب کسان اور زمیندار سخت پریشانی کے عالم میں حکومت کی راہیں تک رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کمر توڑ مہنگائی بے روزگاری اور کرونا وائرس سے مشکلات میں پھنسے ہوئے غریبوں کی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کراچی آغا خان ہسپتال میں انتقال کرگیا

خضدار (نامہ نگار) ٹال بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے فرزند نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کراچی آغا خان ہسپتال میں 6 بجے انتقال کرگیا نماز جنازہ باعلان کل کیا جائے گا تدفین آبائی گاؤں ٹال میں کل ہوگا

صحبت پور، بھنڈ شریف شہر میں نامعلوم چور 70 موبائل فون چوری کرکے فرار

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور کے علاقے بھنڈ شریف شہر میں چوری کی واردات نامعلوم چوروں نے موبائل کے دکان سے 70 موبائل فون چوری کرکے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے تفصیلات کے مطابق صحبت پور کے علاقے پولیس تھانہ ملک محمد علی شہید کی حدود بھنڈ شریف کے شہر سے نامعلوم چور محمد عالم کھوسہ کے دکان سے 70 عدد بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور مشکوک رکشہ وموٹر سائیکلوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایڈیشنل آئی جی پولیس

صوبائی وزیر خوراک سردار عبدالرحمان کھیتران سرکاری نرخ پر لوگوں کو آٹا دے رہے ہیں

کوئٹہ (ایچ ن) ایڈیشنل آئی جی پولیس ڈسٹرکٹ کوئٹہ عبدالرزاق چیمہ کے زیر صدارت محرم الحرام کی سیکورٹی کے حوالے سے اجلاس ہوا اجلاس میں کوئٹہ کے ایس ایس پی آپریشن، ایس ایس پی انٹیلی جنس، ایس پی ہیڈ کوارٹر، ایس پیز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور انٹیلی جنس کے آفیسران بھی موجود تھے اجلاس کو بتایا گیا کہ محرم الحرام کے سلسلے میں کرایہ داری ایکٹ پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے تمام پراپرٹی ڈیلرز سے کرایہ پر رہنے والے دکانوں اور مکانوں کے رہائشی افراد کا مکمل ڈیٹا لینے کا عمل جاری ہے۔ جبکہ کرایہ داری ایکٹ پر عمل درآمد نہ کرنے والے دکان/مکان اور کرایہ داران کے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

آر سی ڈی روڈ کی توسیع میں لاپرواہی برتنے پر عوامی شکایات

خضدار (نامہ نگار) آر سی ڈی روڈ کی توسیع میں لاپرواہی برتنے پر عوامی شکایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر NHA ہارون بلوچ نے کارروائی کرکے کرشنگل کے سارے کام کو مسترد کردیا اور از سر نو لگ ڈالنے کا حکم دے دیا۔ آئندہ کیلئے ایسی غفلت برتنے پر ٹھیکے دار خوب سرزنش کرتے ہوئے سرمایہ بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

روپوش واشتہاری، گنگلہ اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

جیکب آباد (نامہ نگار) ایس ایس پی شکارپور کامران نواز بلوچ کی ہدایت پر شکارپور پولیس کی جانب سے جرائم، روپوش واشتہاری، گنگلہ اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری گزشتہ 5 ماہ کے دوران شکارپور بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

عوام پر مسلط حکومت انتقامی سیاست میں اندھی ہوچکی ہیں، حاجی خان محمد بزنجو

تبدیلی کے دعوے دار سرکار نے اڑھائی سال میں صرف اور صرف مخالفین کے خلاف مقدمہ بنائیں

کوئٹہ (پ ر) ممتاز قبائلی شخصیت نیشنل پارٹی بلوچستان کے رہنما حاجی خان محمد بزنجو نے کہا ہے کہ عوام پر مسلط حکومت انتقامی سیاست میں اندھی ہوچکی ہیں عمران خان صرف اور صرف اپنے سیاسی حریفوں کو زیر کرنے میں مصروف ہیں لیکن نیشنل پارٹی کے قائدین ڈرنے اور جھکنے والے نہیں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے نیشنل پارٹی کے قائدین نے پھانسی اور گولیوں کو تو گلے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

لورالائی میں فحاشی اور منشیات کا کاروبار عروج پر

نوجوان نسل تباہی کے نشانے پر ضلعی انتظامیہ ان کیخلاف فوری ایکشن لیکر نوجوان نسل اور دیگر کے مستقبل کو محفوظ بنائیں

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں فحاشی اور منشیات کا کاروبار عروج پر مخصوص مقامات پر آڈوں کی بھرمار سے نوجوان نسل تباہی کے نشانے پر ضلعی انتظامیہ ان کیخلاف فوری ایکشن لیکر نوجوان نسل اور دیگر کے مستقبل کو محفوظ بنائیں تفصیلات کے مطابق منشیات کے مخصوص اڈوں کے خلاف گریک ڈاؤن کرکے اٹھا خاتمہ کیا جائے اور اس کاروبار میں ملوث اور اسکی سرپرستی کرنے والوں کے خلاف بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پاکستان پیس موومنٹ کی جانب سے بہترین خدمات کے اعتراف میں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی ندا کاظمی کو شیلڈ پیش کی گئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیس موومنٹ کی جانب سے بہترین خدمات کے اعتراف میں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی ندا کاظمی کو شیلڈ پیش کی گئی تفصیلات کے مطابق جمعرات کو پاکستان پیس موومنٹ خواتین ونگ بلوچستان کی صدر بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال میں اینستھیسیا کی عدم موجودگی کے باعث درجنوں طے شدہ آپریشن منسوخ کردیئے گئے

مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا اینستھیسیا ڈاکٹر کی غیر موجودگی کے باعث آپریشن تھیٹرز بند

کوئٹہ (آن لائن) بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال میں اینستھیسیا کی عدم موجودگی ک